### سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

جمعرات، 30۔ ستمبر 2021

(یوم الخمیس، 22۔ صفر المظفر 1443ھ)

## سترہویں اسمبلی: پینتیسواں اجلاس

جلد 35: شمارہ 5

357

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ 30۔ ستمبر 2021

### تلاوت قرآن پاک و ترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## سوالات

(محکمہ اوقاف و مذہبی امور)

### نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## توجہ دلاؤ نوٹس

## سرکاری کارروائی

### مسودات قانون پر غور و خوض اور ان کی منظوری

1۔ مسودہ قانون (ترمیم) لاہور رنگ روڈ اتھارٹی 2021 (مسودہ قانون نمبر 33 بابت 2021)

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون (ترمیم) لاہور رنگ روڈ اتھارٹی 2021، جیسا کہ خصوصی کمیٹی نمبر 12 نے اس کے بارے میں سفارش کی ہے، فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون (ترمیم) لاہور رنگ روڈ اتھارٹی 2021 منظور کیا جائے۔

2۔ مسودہ قانون بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کو ریگولرائز کرنے کا کمیشن، پنجاب 2021 (مسودہ قانون نمبر 34 بابت 2021)

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کو ریگولرائز کرنے کا کمیشن، پنجاب 2021 (مسودہ قانون نمبر 34 بابت 2021) جیسا کہ اسے مورخہ 4۔ مئی 2021 کو ایوان کی میز پر رکھا گیا اور سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہاؤسنگ، اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے سپرد کیا گیا، قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 154(6) کے تحت فوری طور پر زیر غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کو ریگولرائز کرنے کا کمیشن، پنجاب 2021 منظور کیا جائے۔

358

**3۔ مسودہ قانون(ترمیم )بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کوریگولرائز کرنے کا کمیشن، پنجاب 2021 (مسودہ قانون نمبر 57 بابت 2021)**

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون(ترمیم ) بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کوریگولرائز کرنے کا کمیشن، پنجاب 2021، کو فوری طور پر زیر غور لانے کی غرض سے قواعدانضباط کار، صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت متذکرہ قواعد کے قاعدہ 96،95، 154 اور دیگر تمام متعلقہ قواعد کی مقتضیات کو معطل کیاجائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون(ترمیم ) بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کوریگولرائز کرنے کا کمیشن، پنجاب 2021، کو فی الفور زیر غور لایاجائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون(ترمیم ) بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کوریگولرائز کرنے کا کمیشن، پنجاب 2021 منظور کیاجائے۔

359

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا پینتیسواں اجلاس

### جمعرات ،30۔ ستمبر 2021

### (یوم الخمیس ،22۔ صفر المظفر1443ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں سہ پہر 3 بج کر 33منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی منعقد ہوا۔

---

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری عبدالماجد نُور نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیمo

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِo

لَيۡسَ الۡبِرَّ اَنۡ تُوَلُّوۡا
وُجُوۡهَكُمۡ قِبَلَ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ وَلٰـكِنَّ الۡبِرَّ
مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَالۡمَلٰٓـئِكَةِ وَالۡكِتٰبِ وَ
النَّبِيّٖنَ‌ۚ وَاٰتَى الۡمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِى الۡقُرۡبٰى وَالۡيَتٰمٰى
وَالۡمَسٰكِيۡنَ وَابۡنَ السَّبِيۡلِۙ وَالسَّآئِلِيۡنَ وَفِى الرِّقَابِ‌ۚ وَاَقَامَ
الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ‌ۚ وَالۡمُوۡفُوۡنَ بِعَهۡدِهِمۡ اِذَا عٰهَدُوۡا‌ۚ
وَالصّٰبِرِيۡنَ فِى الۡبَاۡسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيۡنَ الۡبَاۡسِ‌ؕ
اُولٰٓـئِكَ الَّذِيۡنَ صَدَقُوۡا‌ؕ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُتَّقُوۡنَ ﴿۱۷۷﴾

**سُوۡرَةُ البَقَرَة آیت 177**

نیکی یہی نہیں کہ تم مشرق یا مغرب کو (قبلہ سمجھ کر ان) کی طرف منہ کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ پر اور روز آخرت پر اور فرشتوں پر اور (اللہ کی) کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں (خرچ کریں) اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں۔ اور جب عہد کرلیں تو اس کو پورا کریں۔ اور سختی اور تکلیف میں اور (معرکہ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں۔ یہی لوگ ہیں جو (ایمان میں) سچے ہیں اور یہی ہیں جو (اللہ سے) ڈرنے والے ہیں (177)

وماعلینا الا البلاغo

نعت رسول مقبول ﷺ جناب سرور حسین نقشبندی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول ﷺ

یا رحمتہ اللعالمین

الہام جامہ ہے تیرا — قرآں عمامہ ہے تیرا
منبر تیرا عرشِ بریں — یا رحمتہ اللعالمین
تیری خموشی بھی اذاں — نیندیں بھی تیری رتجگے
تیری حیاتِ پاک کا — ہر لمحہ پیغمبر لگے
خیر البشر رُتبہ تیرا — آوازِ حق خطبہ تیرا
آفاق تیرے سامعیں — یا رحمتہ اللعالمین
پھر گُدڑیوں کو لعل دے — جاں پتھروں میں ڈال دے
حاوی ہوں مستقبل پہ ہم — ماضی سا ہم کو حال دے
دعویٰ ہے تیری چاہ کا — اس اُمتِ گم راہ کا
تیرے سوا کوئی نہیں — یا رحمتہ اللعالمین

**جناب سپیکر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آج محکمہ اوقاف ومذہبی امور سے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔پہلا سوال نمبر2414 جناب ملک خالد محمود بابر کا ہے،راجہ صاحب میرا خیال ہے چونکہ چیف منسٹر صاحب سیرت اکیڈمی گئے ہیں تو جس کی وجہ سے منسٹر صاحب ابھی موجود نہیں ہیں۔تو وقفہ سوالات کو بعد میں لے لیتے ہیں۔اپوزیشن کی طرف سے بھی ملک ارشد کی request آئی لہٰذا وقفہ سوالات کو تھوڑی دیر کے لئے pending کر لیں۔راجہ صاحب اس دن وہ issue تو resolve ہو گیا تھا اب ہم لاہور رنگ روڈ اتھارٹی کا bill take up کر رہے ہیں۔جی،لاء منسٹر صاحب!

## مسودات قانون

## (جو زیر غور لائے گئے)

## مسودہ قانون (ترمیم) لاہور رنگ روڈ اتھارٹی 2021

**MR SPEAKER:** First reading starts. Now, we take up the Lahore Ring Road Authority (Amendment) Bill 2021. Minister for Law may move the motion for consideration of the Bill.

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES: (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

> "That the Lahore Ring Road Authority (Amendment) Bill 2021, as recommended by the Special Committee No.12, be taken into consideration at once."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Lahore Ring Road Authority (Amendment) Bill 2021, as recommended by the Special Committee No.12, be taken into consideration at once."

Since there is no amendment in it, the question is:

"That the Lahore Ring Road Authority (Amendment) Bill 2021, as recommended by the Special Committee No.12, be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

CLAUSES 2 to 17

MR SPEAKER: Second reading starts. Now, we take up the Bill Clause by Clause. Now, Clauses 2 to 17 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That Clauses 2 to 17 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE

MR SPEAKER: Now, Clause 1, The Preamble and the Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

"That Clause 1, the Preamble and the Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

MR SPEAKER: Third reading starts. Minister for Law!

MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja): Mr Speaker! I move:

"That the Lahore Ring Road Authority (Amendment) Bill 2021, be passed."

MR SPEAKER: The motion moved is:

"That the Lahore Ring Road Authority (Amendment) Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

"That the Lahore Ring Road Authority (Amendment) Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

## مسودہ قانون بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کو ریگولرائز کرنے کا کمیشن پنجاب 2021

**MR SPEAKER:** First reading starts. Now, we take up the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes Bill 2021.Minister for Law may move the motion for consideration of the Bill.

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

"That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes Bill 2021(Bill No.34 of 2021), as laid and referred to Standing Committee on Housing, Urban Development and Public Health Engineering on 04 May 2021, may be taken into consideration at once under rule 154(6) of the Rules of Procedure of Provincial Assembly of the Punjab 1997."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes Bill 2021(Bill No.34 of 2021), as laid and referred to Standing Committee on Housing, Urban Development and Public Health Engineering on 04 May 2021, may be taken into consideration at once under rule 154(6) of the Rules of Procedure of Provincial Assembly of the Punjab 1997."

Since there is no amendment in it, the question is:

> "That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes Bill 2021(Bill No.34 of 2021), as laid and referred to Standing Committee on Housing, Urban Development and Public Health Engineering on 04 May 2021, may be taken into consideration at once under rule 154(6) of the Rules of Procedure of Provincial Assembly of the Punjab 1997."

(The motion was carried.)

**CLAUSES 3 to 15**

**MR SPEAKER:** Second reading starts. Now, we take up the Bill Clause by Clause. Now, Clauses 3 to 15 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That the Clauses 3 to 15 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

CLAUSE 2, CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE

**MR SPEAKER:** Now, Clause 2, Clause 1, the Preamble and the Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

"That Clause 2, Clause 1, the Preamble and the Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**MR SPEAKER:** Third reading starts. Minister for Law!

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

"That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes Bill 2021, be passed."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

"That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

## قواعد کی معطلی کی تحریک

**MR SPEAKER:** Minister for Law may move the motion for suspension of rules.

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

> "That the requirements of rules 95, 96, 154 and all other relevant rules of the Rules of Procedure of Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be dispensed with under rule 234 of the Rules ibid for immediate consideration of the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes (Amendment) Bill 2021."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the requirements of rules 95, 96, 154 and all other relevant rules of the Rules of Procedure of Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be dispensed with under rule 234 of the Rules ibid for immediate consideration of the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes (Amendment) Bill 2021."

Now, the question is:

> "That the requirements of rules 95, 96, 154 and all other relevant rules of the Rules of Procedure of Provincial Assembly of the Punjab 1997 may be

dispensed with under rule 234 of the Rules ibid for immediate consideration of the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes (Amendment) Bill 2021."

(The motion was carried.)

## مسودہ قانون (ترمیم) بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کو ریگولرائز کرنے کا کمیشن پنجاب 2021

### CLAUSES 2 to 11

MR SPEAKER: Second reading starts. Now, we take up the Bill Clause by Clause.

Now, Clauses 2 to 11 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That Clause 2 to 11 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

### CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE

MR SPEAKER: Now, Clause 1, the Preamble and the Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

"That Clause 1, the Preamble and the Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

MR SPEAKER: Third reading starts. Minister for Law!

MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja): Mr Speaker! I move:

"That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes (Amendment) Bill 2021, be passed."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes (Amendment) Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

"That the Punjab Commission for Regularization of Irregular Housing Schemes (Amendment) Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

## سوالات

## (محکمہ اوقاف و مذہبی امور)

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

**جناب سپیکر:** اب ہم وقفہ سوالات شروع کرتے ہیں۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب سپیکر:** چھچھر صاحب! دو منٹ بیٹھیں، اس کے بعد آپ کو ٹائم دیتا ہوں۔ جی، پہلا سوال ملک خالد محمود بابر کا ہے اور ان کی طرف سے سوال کو pending کرنے کی request آئی ہے تو اس سوال نمبر 2414 کو pending کیا جاتا ہے۔

(اس مرحلہ پر جناب چیئرمین میاں شفیع محمد کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

## پوائنٹ آف آرڈر

**جناب چیئرمین:** جی، چودھری افتخار حسین چھچھر! آپ پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنا چاہتے تھے۔جی، فرمائیں!

## بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کو ریگولرائز کرنے کا بل مجلس قائمہ برائے لوکل گورنمنٹ کی بجائے مجلس قائمہ برائے ہاؤسنگ کو بھیجنا

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** شکریہ، جناب چیئرمین! مجھے صرف آپ کی توجہ ایک منٹ کے لئے چاہئے کہ ابھی تھوڑی دیر پہلے لاء منسٹر صاحب نے ایک بل پاس کروایا ہے۔ اس اسمبلی کی ساری کارروائی ریکارڈ ہو رہی ہے۔ میں تو اس وقت بھی کھڑا ہو کر بات کرنا چاہتا تھا کہ عددی اکثریت کے حساب سے چاہے آپ اس بل کو پاس کروالیتے لیکن اس کی ترتیب تو قانونی حساب سے کر لیتے۔ یہ دوسرے نمبر پر جو مسودہ قانون بے ضابطہ ہاؤسنگ سکیموں کو ریگولرائز کرنے سے متعلق ہے جس کا ڈیپارٹمنٹ لوکل گورنمنٹ ہے۔ اب اسی page پر ملاحظہ فرمائیں کہ یہ سٹینڈنگ کمیٹی ہاؤسنگ کو بھیجا گیا۔ کیا یہ مناسب نہیں تھا کہ اتنی جلد بازی میں سٹینڈنگ کمیٹی ہاؤسنگ کی بجائے سٹینڈنگ کمیٹی لوکل گورنمنٹ سے پاس کر کے، چاہے وہ (6)154 میں لے آتے، یہ قانونی طور پر بہت بڑا سُقم ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ total illegal کام ہوا ہے اور غیر قانونی کام ہوا ہے۔ اتنی جلد بازی یا اتنی تیزی کی کیا ضرورت ہے؟ آپ کے پاس اکثریت ہے اور آپ نے اس بل کو پاس کروالینا ہے لیکن اس کی ترتیب تو قانون و قاعدے کے مطابق ہونی چاہئے۔

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ معزز ممبر کوئی پہلی بار اس اسمبلی کے ممبر نہیں بنے ہیں۔ جب legislation ہو رہی ہو تو اس میں اگر آپ کا کوئی نکتہ اعتراض ہے تو وہ ترمیم کے ذریعے ہی دیا جا سکتا ہے۔ پچھلے تقریباً تین دن سے تین دفعہ یہ بل defer ہوا ہے اور اس کے بعد آج یہ ایجنڈے پر آیا ہے تو تین دنوں میں اللہ تعالیٰ نے انہیں اتنی توفیق نہیں دی کہ کوئی ترمیم دے دیں۔ تین بل

ہم نے آج پاس کئے ہیں اور اس سے پہلے دو بل پاس کئے ہیں لیکن کسی ایک بل کے متعلق بھی ان کی طرف سے کوئی ایک ترمیم نہیں ہے۔ ترمیم دیتے نہیں ہیں اور آ کر پوائنٹ آف آرڈر کرتے ہیں تو legislation کو پوائنٹ آف آرڈر کے ذریعے چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ اگر آپ کو کوئی اعتراض تھا تو آپ ترمیم لے آتے اور point out کرتے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس بل کو ایجنڈے پر لانا اور اس کی ساری modalities کو طے کرنا اسمبلی سیکرٹریٹ کا کام ہے۔ یہ in order تھا تو تب ہی لایا گیا ہے اور in order تھا تو تب ہی جناب سپیکر نے پاس کیا ہے۔ شکریہ

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات (۔۔۔جاری)

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال محترمہ راحیلہ نعیم کا ہے۔۔۔ موجود نہ ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 1838 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ حنا پرویز بٹ کا ہے۔۔۔ موجود نہ ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 2701 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ شازیہ عابد کا ہے۔

**محترمہ شازیہ عابد:** شکریہ، جناب چیئرمین! میرے سوال کا نمبر 3439 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## ضلع راجن پور اور شہر کی حدود میں سرکاری اراضی کی تعداد اور ناجائز قابضین کے قبضہ میں ہونے سے متعلقہ تفصیلات

*3439: **محترمہ شازیہ عابد:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع راجن پور میں کتنی سرکاری اراضی کس کس جگہ ہے کتنی سالانہ Lease پر دی گئی ہے؟

(ب) راجن پور شہر کی حدود میں سرکاری اراضی اور زمین کتنی کس کس جگہ پر ہے کتنی اراضی خالی پڑی ہے اور کتنی اراضی پر ناجائز قابضین نے قبضہ کیا ہوا ہے؟

(ج) راجن پور شہر کی کتنی زمین Lease پر دی گئی ہے Lease پر اراضی / زمین کن کن افراد کو دی گئی ہے Lease پر دی گئی اراضی / زمین سے سالانہ کتنی رقم موصول ہو رہی ہے؟

(د) کیا یہ درست ہے کہ اس اراضی کی Lease کافی دیر قبل دی گئی تھی جس کو Review کرنے کی ضرورت ہے حکومت کب تک Lease کو Review کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) ضلع راجن پور میں موجود تمام سرکاری اراضی کا محکمہ کو علم نہ ہے تاہم ضلع راجن پور میں محکمہ اوقاف کی 2090 ایکڑ 02 کنال 02 مرلے اراضی مختلف تحصیل ہائے کے مختلف مواضعات میں واقع ہے جو کہ سرکاری نہ ہے نیز یہ زمین سالانہ بنیادوں پر نیلام کی جاتی ہے (تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ب) راجن پور شہر کی حدود میں محکمہ اوقاف کی وقف اراضی نور شاہ بخاری واقع موضع چک نمبر 1 میں واقع ہے جس کا رقبہ تعدادی 3 ایکڑ 3 کنال اور 12 مرلے ہے جو کہ 4 قطعات پر مشتمل ہے رقبہ تقریباً 2 ایکڑ 2 کنال 12 مرلے خالی ہے جبکہ 9 کنال رقبہ پر ناجائز قابضین نے قبضہ کیا ہوا ہے (تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ج) راجن پور شہر کی حدود میں محکمہ اوقاف کی وقف اراضی نور شاہ بخاری واقع موضع چک نمبر 1 رقبہ تعدادی 3 ایکڑ 3 کنال 12 مرلے ہے جو کہ 4 قطعات پر مشتمل ہے اور مذکورہ زمین مسمی جمیل خان دریشک برائے سال 20-2019 پٹہ پر دی گئی ہے جس سے -/1,08,000 روپے وصول ہوئے ہیں۔

(د) یہ درست نہ ہے۔ اراضی مذکور سال 18-2017 میں نیلام عام میں سالانہ پٹہ پر دی گئی تھی اور سال 19-2018 اور 20-2019 میں محکمانہ پالیسی کے مطابق مدت پٹہ میں توسیع دی گئی۔ آئندہ بھی محکمانہ پالیسی کے مطابق سالانہ پٹہ پر دی جائے گئی۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! کوئی ضمنی سوال؟

**محترمہ شازیہ عابد:** جناب چیئرمین! اس سوال کے جز (ب) میں پوچھا گیا تھا کہ "راجن پور شہر کی حدود میں سرکاری اراضی اور زمین کس جگہ ہے، کتنی خالی پڑی ہے جس پر ناجائز قابضین نے قبضہ کیا ہوا ہے"۔ محکمہ نے جواب دیا ہے کہ رقبہ تقریباً دو ایکڑ دو کنال 12 مرلے خالی ہے جبکہ 9 کنال رقبہ پر ناجائز قابضین نے قبضہ کیا ہوا ہے۔ میں اس ہاؤس کی وساطت سے پارلیمانی سیکرٹری سے

پوچھنا چاہتی ہوں کہ محکمہ خود admit کر رہا ہے کہ 9 کنال رقبہ پر ناجائز قابضین نے قبضہ کیا ہوا ہے تو اس قبضہ کو واگزار کروانے کے لئے محکمہ کیا کر رہا ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور (جناب تیمور علی لالی):** جناب چیئرمین! اس سے پہلے کافی عرصے سے یہ رقبہ قبضے میں ہے اور اب ہم نے 31 اگست 2021 کو پورے پنجاب کی سطح پر کمیٹیاں تشکیل دی ہیں جن کا نوٹیفکیشن جاری ہو چکا ہے۔ ان کمیٹیوں میں متعلقہ ڈپٹی کمشنرز، متعلقہ ڈی پی اوز اور ہمارے سٹاف کا محکمانہ عملہ شامل ہے۔ اس نوٹیفکیشن کے مطابق strategy بنائی جا رہی ہے، پالیسی بنائی جا رہی ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس رقبہ کو واگزار کروالیا جائے گا۔ کچھ رقبہ اس قسم کا ہوتا ہے کہ جس کے عدالتوں کے اندر cases چل رہے ہوتے ہیں تو جب تک عدالت کی طرف سے کوئی بھی فیصلہ نہیں آ جاتا تو ہم اس حوالے سے کوئی time frame نہیں دے سکتے۔

**محترمہ شازیہ عابد:** جناب چیئرمین! کیا پارلیمانی سیکرٹری صاحب بتانا پسند کریں گے کہ کیا ان میں بھی وہ رقبہ ہے جس پر عدالت میں cases چل رہے ہیں، محکمہ ابھی تک اس کو واگزار کیوں نہیں کروا سکا اور اس کی پالیسی کب تک بن سکتی ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور (جناب تیمور علی لالی):** جناب چیئرمین! جیسے میں نے پہلے محترمہ سے گزارش کی ہے کہ 31 اگست 2021 کو کمیٹیاں بن چکی ہیں جن کا نوٹیفکیشن ہو چکا ہے۔ یہ کمیٹیاں اپنی پالیسیاں بنا رہی ہیں اور انشاء اللہ جلد ہی ان پالیسیوں کے مطابق ایسے رقبے کو واگزار کروایا جائے گا۔

**محترمہ شازیہ عابد:** جناب چیئرمین! اس سوال کے جز (د) میں پوچھا گیا تھا کہ "کیا یہ درست ہے کہ یہ اراضی لیز پر کافی دیر قبل دی گئی ہے جس کو review کرنے کی ضرورت ہے" تو اس کا جواب ہے کہ مذکورہ زمین 3 ایکڑ 3 کنال 12 مرلے جو چار قطعات پر مشتمل ہے، مسمی جمیل خان دریشک کو

برائے سال 2019-20 کے لئے دی گئی تھی تو میں یہ پوچھنا چاہ رہی ہوں کہ اس سے پہلے جو پچھلے چند سال ہیں، اس میں بھی مسمی جمیل خان دریشک کے پاس ہی یہ زمین تھی یا کسی اور کے پاس تھی؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور (جناب تیمور علی لالی):** جناب چیئرمین! محترمہ کا سوال تھا کہ لیز کے بغیر دی گئی ہے تو ہم اس کے documents بھی آپ کو provide کر سکتے ہیں کہ یہ 2018-19 میں لیز پر ہی دی گئی تھی اور اس کو proper tendering procedure کے تحت لیز پر دیا گیا تھا جس طرح کہ ڈیپارٹمنٹ کی پالیسی ہے کہ ہر سال اسے renew کیا جاتا ہے تو اس کی لیز آگے renew ہو رہی ہے لیکن اس کو 2018-19 میں proper tendering کے تحت لیز پر دیا گیا تھا۔ جو بھی ہمارے procedures ہیں جو بھی ایک highest bid ہوتی ہے وہ اس bidder کو دی جاتی ہے تو یہ 2018-19 سے آگے دی گئی ہے اور فی الحال اسی کے پاس ہے کیونکہ لیز کو محکمانہ پالیسی کے تحت renew کیا جا رہا ہے۔

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال محترمہ راحیلہ نعیم کا ہے۔

**محترمہ راحیلہ نعیم:** جناب چیئرمین! شکریہ، میرے سوال کا نمبر 3840 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## لاہور: حضرت میاں میر کے دربار کی آمدن اور مستقل ملازمین کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*3840: **محترمہ راحیلہ نعیم:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) حضرت میاں میر دربار لاہور میں کل کتنے ملازمین مستقل بنیادوں پر کام سر انجام دے رہے ہیں ان کی عہدہ وار مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) حضرت میاں میر کے دربار کی کل آمدن کتنی ہے 2019 کی مکمل تفصیل مہیا فرمائیں؟

(ج) میاں میر کے عرس پر 6 لاکھ 12 ہزار روپے کی رقم مختص کی گئی ہے کتنی خرچ ہوئی کیا اس کی مرمت اور تزئین آرائش کے لئے رقم مختص کی جاتی ہے تو اس کی تفصیل سالانہ مہیا فرمائیں؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور (جناب تیمور علی لالی):**

(الف) دربار حضرت میاں میر لاہور پر 05 ملازمین مستقل بنیادوں پر کام سر انجام دے رہے ہیں۔ عہدہ وار تفصیل درج ذیل ہے:

خطیب امام 01، مؤذن خادم 01،

ٹیوب ویل آپریٹر 01، نگران 02

(ب) سال 2019 میں دربار حضرت میاں میر سے حاصل ہونے والی آمدن مبلغ -/1,08,15,495 روپے ہے (تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ج) دربار حضرت میاں میر کے سالانہ عرس مبارک کے انتظام و انصرام کے لئے بجٹ سال 20-2019 میں مبلغ -/6,12,000 روپے مختص تھے جو کہ خرچ ہو چکے ہیں جبکہ دربار شریف کی تزئین و آرائش پر مزید مبلغ -/3,99,605 روپے خرچ ہوئے نیز سالانہ تعمیر سال 20-2019 کے لئے مبلغ -/20,00,000 روپے مختص ہیں جو دربار شریف کے وضو خانہ اور الیکٹرک ورک پر خرچ کئے جا رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ راحیلہ نعیم:** جناب چیئرمین! میں نے جو تفصیلات مانگی تھیں وہ مجھے مل گئی ہیں اس لئے میرا کوئی ضمنی سوال نہیں ہے۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال محترمہ مومنہ وحید کا ہے۔۔۔ تشریف فرما نہ ہیں اس لئے سوال نمبر 3483 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال بھی محترمہ مومنہ وحید کا ہے۔۔۔ تشریف فرما نہ ہیں اس لئے سوال نمبر 3484 کو dispose of کیا جاتا ہے اور اگلا سوال جناب محمد ارشد ملک کا ہے لیکن ان کی طرف سے سوال کو pending کرنے کی request آئی ہے تو اس سوال نمبر 3606 کو

pending کیا جاتا ہے۔ قبل ازیں سوال محترمہ راحیلہ نعیم کا تھا جو کہ ان کی عدم موجودگی میں dispose of کیا گیا تھا لیکن محترمہ موجود ہیں تو وہ اپنا سوال لے لیں۔

**محترمہ راحیلہ نعیم:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرے سوال کا نمبر 1838 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## لاہور: میاں میر دربار اور قبرستان کے رقبہ سے متعلقہ تفصیلات

***1838: محترمہ راحیلہ نعیم:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) میاں میر گاؤں لاہور میں میاں میر دربار اور قبرستان کا کل کتنا رقبہ ہے؟

(ب) کتنے رقبہ پر دربار کی بلڈنگ وغیرہ بنی ہوئی ہے اور کتنا رقبہ خالی پڑا ہوا ہے، کتنا رقبہ کرایہ پر دیا ہوا ہے قبرستان میں کتنی جگہ پر ہو چکی ہے اور کتنی ابھی تک خالی پڑی ہوئی ہے مکمل تفصیل فراہم کریں؟

(ج) مذکورہ دربار اور قبرستان کے کتنے رقبہ پر ناجائز قابضین نے قبضہ کب سے کر رکھا ہے مکمل تفصیل بیان کریں؟

(د) اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت ناجائز قابضین سے قبضہ واگزار کرانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک، نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) میاں میر گاؤں لاہور میں میاں میرؒ دربار اور قبرستان سے ملحقہ محکمہ اوقاف کا 541 کنال 05 مرلے 233 مربع فٹ رقبہ موجود ہے۔

(ب) بمطابق ریکارڈ دربار میاں میرؒ کے رقبہ کی تفصیل درج ذیل ہے۔

رقبہ تعدادی 25 کنال 1 مرلے 79 مربع فٹ پر دربار، مسجد، قبرستان جو کہ چار دیواری کے اندر موجود ہے تعمیر شدہ ہے۔

رقبہ تعدادی 48 کنال پر مسلم قبرستان اور 9 کنال پر غیر مسلم قبرستان ہے اور اس میں کوئی جگہ خالی نہیں ہے۔

رقبہ تعدادی 52 کنال 3 مرلے پر پنجاب انسٹیٹیوٹ آف قرآن بورڈ اینڈ سیرت اکیڈمی قائم ہے۔

رقبہ تعدادی 20 کنال 19 مرلے لیز پر دیا گیا ہے جس پر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ (MPDD) قائم ہے۔

رقبہ تعدادی 02 کنال پر پارکنگ سٹینڈ سالانہ ٹھیکہ پر ہے۔

رقبہ تعدادی 28 کنال پر میاں میر ہسپتال زیر انتظام سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ قائم ہے۔

رقبہ تعدادی 09 کنال پر کنٹونمنٹ سکول قائم ہے۔

رقبہ تعدادی 65 کنال پر بارہ دری حضرت میاں میرؒ تعمیر شدہ ہے۔

رقبہ تعدادی 199 کنال 02 مرلے 19 مربع فٹ پر کچی آبادی ہے۔

رقبہ تعدادی 83 کنال 125 مربع فٹ پر ناجائز قبضہ بشکل مکان / دکان وغیرہ ہے۔

(ج) رقبہ تعدادی 83 کنال 125 مربع فٹ پر ناجائز قابضین نے عرصہ زائد پچاس سال سے مکانات / دکانات تعمیر کر کے ناجائز قبضہ کر رکھا ہے۔

(د) محکمہ اوقاف نے اس ناجائز قابضین کے زیر قبضہ رقبہ محکمہ مال سے نشاندہی کروائی جس کے بعد ناجائز قابضین کو نوٹسز جاری کئے گئے مگر انہوں نے رقبہ خالی نہ کیا جس پر آپریشن کیا گیا مگر لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال پیدا ہو گئی کیونکہ یہ ناجائز قابضین عرصہ پچاس سال سے زائد سے اس جگہ پر قابض ہیں۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ راحیلہ نعیم:** جی، جناب چیئرمین! میں نے ایک سوال قبرستان سے متعلق 2019 میں پوچھا تھا اور اب سال 2021 چل رہا ہے تو اس قبرستان کی چار دیواری کتنی مکمل ہو چکی ہے؟ دوسرا جو ناجائز قابضین تھے اور ڈیپارٹمنٹ خود مان رہا ہے کہ وہاں پر ناجائز قابضین ہیں 83 کنال 125 مربع فٹ پر ناجائز قابضین ہیں۔ یا اس جگہ کو legal قرار دے دیا جائے یا پھر قابضین کے قبضہ میں تصور کیا جائے۔ یہ میرے دو ضمنی سوالات ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! جیسے میں پہلے ہی جواب دے چکا ہوں کہ ہر ڈسٹرکٹ کے لئے کمیٹی تشکیل دی جا چکی ہے۔ جہاں تک ناجائز قابضین کی بات ہے تو ان کے ساتھ bargaining کے لئے اس چیز کو رکھا گیا ہے۔ اگر انہیں کمیٹی کا نوٹیفکیشن چاہیئے تو میں ان کو فراہم کر سکتا ہوں۔ ان کے ساتھ bargaining کی جائے گی، ان کو ہم پہلے اپنا کرایہ دار بنانے کی کوشش کریں گے کہ وہ اسی پراپرٹی کو کرائے پر لے لیں لیکن اگر کسی قسم کی کوئی bargaining نہیں ہو سکتی تو پھر اس جگہ کو ان سے واگزار کرایا جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! کیا آپ کا اگلا کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ راحیلہ نعیم:** جناب چیئرمین! میں نے قبرستان کی چار دیواری کا پوچھا تھا کہ کیا وہ مکمل ہو گئی ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! میرا نہیں خیال کہ اس سوال میں کوئی چار دیواری ہونے کا سوال کیا گیا ہے۔ یہ ان کا fresh question بنتا ہے لیکن اگر پھر بھی ان کو کوئی detail چاہیئے کہ اس پر کتنا کام ہو چکا ہے تو میں ان کو اجلاس کے بعد تفصیل فراہم کر دوں گا۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! آپ کا یہ ضمنی سوال چونکہ اس سوال میں شامل نہیں ہے لیکن پھر بھی آپ ان سے detail لے لیں۔

**محترمہ راحیلہ نعیم:** جناب چیئرمین! میری گزارش ہے کہ یہ ہمیں نہ بتائیں بلکہ ہاؤس کو بتائیں کیونکہ یہ ہاؤس کی پراپرٹی ہے۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! آپ نے جو ضمنی سوال کیا ہے وہ اس سوال کا حصہ نہیں ہے۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! ان کا یہ ضمنی سوال چونکہ اس سوال کا حصہ نہیں ہے اس لئے یہ fresh question جمع کرا دیں لیکن اگر یہ نہیں جمع کرانا چاہتی تو میں پھر بھی اس کی detail provide کرنے کو تیار ہوں۔

**محترمہ راحیلہ نعیم:** جناب چیئرمین! اگر آپ کہتے ہیں تو fresh question بھی جمع کروا دوں گی لیکن مہربانی کر کے ہاؤس کو ضرور مطلع کریں۔

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال جناب ظہیر اقبال کا ہے۔ وہ موجود نہیں ہیں لہٰذا ان کا سوال نمبر 3904 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ شاہدہ احمد کا ہے۔

**محترمہ شاہدہ احمد:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 3936 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## خانیوال: ضلع اور تحصیل میں درباروں کی تعداد اور نذرانوں کی رقم کی وصولی سے متعلقہ تفصیلات

*3936: **محترمہ شاہدہ احمد:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) تحصیل و ضلع خانیوال میں کتنے دربار موجود ہیں ان کے نام کیا ہیں؟

(ب) ان درباروں کی سالانہ جمع شدہ چندہ کی رقم کتنی ہے اور کون وصول کرتا ہے۔

(ج) ان وصول شدہ چندہ کی رقم کو کس مد میں خرچ کیا جاتا ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) تحصیل و ضلع خانیوال میں کل 7 مزارات محکمہ اوقاف کی تحویل میں ہیں۔ جن کے نام حسب ذیل ہیں۔

1۔ دربار حضرت میاں چنوں تحصیل میاں چنوں

2۔ دربار حضرت سخی سید محمد موضع کوٹلہ بہاوالدین تحصیل کبیر والا

3۔ دربار حضرت نور شاہ بخاری محسن وال تحصیل میاں چنوں

4۔ دربار حضرت حاجن شیر چک نمبر 126/10-R جہانیاں

5۔ دربار حضرت شیخ کبیر احمد تحصیل کبیر والا

6۔ دربار حضرت ماموں شیر تلمبہ تحصیل میاں چنوں ضلع خانیوال

7۔ دربار حضرت شاہ حبیب اللہ بغدادیؒ عبدالحکیم

(ب) محکمہ کو سال 19-2018 میں ان درباروں سے مبلغ -/59,81,373 روپے آمدن ہوئی ہے حاصل شدہ رقم سنٹر اوقاف فنڈ (C -7) میں جمع کروائی جاتی ہے۔

(ج) محکمہ اوقاف پنجاب کے زیر تحویل مزارات و دیگر ذرائع سے حاصل شدہ آمدن کو مزارات اور مساجد کی تعمیر و مرمت وآرائش کے ساتھ ساتھ مزرات پر آنے والے زائرین کے لئے لنگرو دیگر سہولیات کی فراہمی نیز محکمہ اوقاف کے ملازمین کی تنخواہوں، یوٹیلٹی بلز کی ادائیگی و دیگر فلاحی کاموں پر خرچ کی جاتی ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ شاہدہ احمد:** جناب چیئرمین! سوال کے جز (الف) میں پوچھا گیا تھا کہ تحصیل وضلع خانیوال میں کتنے دربار موجود ہیں؟ انہوں نے تفصیل سے مجھے 7 درباروں کے نام بتائے ہیں جبکہ تحصیل خانیوال میں کافی دربار موجود ہیں جن کے گدی نشین بھی ہیں اور وہاں سالانہ عرس بھی ہوتا ہے۔ میں نے بس یہ پوچھنا تھا کہ جو دربار محکمہ اوقاف کے under آتے ہیں ان کا معیار کیا ہے، کیا ارد گرد گورنمنٹ کی زمین کا ہونا ضروری ہوتا ہے اور محکمہ کون سے دربار اپنے under لیتا ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف ومذہبی امور (جناب تیمور علی لالی):** جناب چیئرمین! چونکہ یہ بات اس سوال میں نہیں پوچھی گئی لیکن میں پھر بھی بتانا چاہوں گا کہ اوقاف جس دربار کو بھی اپنی تحویل میں لیتا ہے اس کی پہلے identification کی جاتی ہے، پھر سیکرٹری صاحب اور کمیٹی کے سامنے اس کو رکھا جاتا ہے، پھر اس کی آمدن کا تعین کیا جاتا ہے اور ساتھ ہی اس کے اخراجات کو بھی دیکھا جاتا ہے۔ اسی طرح اس معیار کے تحت کمیٹی اس کو approve کرتی ہے تو پھر ہم اس دربار کو اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں۔ کوئی مسجد یا دربار ہو اس کے معیار کے لئے باقاعدہ ایک کمیٹی ہوتی ہے اور اس کو proper procedure کے تحت کیا جاتا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ! آپ اگلا ضمنی سوال کریں۔

**محترمہ شاہدہ احمد:** جناب چیئرمین! خانیوال تحصیل میں تین چار دربار ہیں جو کافی مشہور ہیں۔ ہر سال وہاں پر عرس بھی ہوتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ ان کے علم میں نہیں ہے اس لئے میں ان کے نوٹس میں لانا چاہتی ہوں کہ یہ ان درباروں کو بھی دیکھیں اور تحصیل خانیوال سے پتا کریں کہ وہ کس کے under ہیں اور وہ کس طریقے سے کام کر رہے ہیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! اگر کوئی اس طرح کا دربار ہے جس کی آمدن اتنی ہے کہ اس کو تحویل میں لیا جا سکے اور محترمہ یہ سمجھتی ہیں کہ اس کو تحویل میں لیا جا سکتا ہے تو یہ ان درباروں کو identify کر دیں ہم ان درباروں پر اپنی working کر لیں گے۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! آپ identify کر دیں۔ اگلا سوال بھی آپ کا ہی ہے۔

**محترمہ شاہدہ احمد:** جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 3938 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## ضلع چکوال: سیدن شیرازی بزرگ کے ارد گرد دکانوں کو مسمار کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*3938: **محترمہ شاہدہ احمد:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ چوآسیدن شاہ ضلع چکوال میں سیدن شیرازی بزرگ کا دربار محکمہ اوقاف کی سرپرستی میں ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس دربار کے تمام اطراف میں دکانیں بنی ہوئی ہیں اور ان دکانوں کی وجہ سے دربار چھپ چکا ہے؟

(ج) کیا یہ دکانیں محکمہ اوقاف یا حکومت کے کسی اور محکمہ کے انڈر ہیں اور ان سے حکومت کرایہ وصول کر رہی ہے؟

(د) کیا حکومت غیر ضروری دکانوں کو وہاں سے ہٹانے کا ارادہ رکھتی ہے تا کہ دربار کی خوبصورتی نمایاں ہو سکے اگر نہیں تو اس کی وجوہات بتائیں؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) یہ درست ہے کہ دربار حضرت سخی سیدن شیرازی کا انتظام و انصرام محکمہ اوقاف حکومت پنجاب کے ذمہ ہے۔

(ب) یہ درست ہے کہ دربار شریف کے اطراف میں دکانات بنی ہوئی ہیں اور ان دکانات کی وجہ سے دربار شریف چھپا نہیں ہے بلکہ بالکل عیاں ہے۔

(ج) یہ درست ہے کہ دربار حضرت سیدن شاہ شیرازی کے اطراف میں بنی ہوئی دکانات سے محکمہ اوقاف ماہانہ بنیادوں پر کرایہ وصول کر رہا ہے۔

(د) محکمہ اوقاف ان دکانات کو ہٹانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا ہے کیونکہ ان دکانات کی وجہ سے دربار شریف کی خوبصورتی میں کوئی کمی نہیں آئی ہے اور دربار شریف بالکل عیاں ہے۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ شاہدہ احمد:** جناب چیئرمین! انہوں نے جواب دیا ہے کہ سیدن شاہ شیرازی کے دربار کی دکانوں سے دربار پر کوئی اثر نہیں ہو رہا ہے۔ میں آپ کو یہ بتانا چاہتی ہوں کہ چوآ سیدن شاہ کے دربار کے بالکل سامنے ایک نالہ ہے اور نالے کو کراس کر کے دربار آتا ہے۔ دربار اور نالے کے درمیان میں 60 فٹ کی جگہ ہے اس جگہ پر چار لائنوں پر دکانیں بنی ہوئی ہیں۔ یہ ہر دکان سے کرایہ وصول کر رہے ہیں۔ میں یہ چیز بھی نوٹس میں لانا چاہتی ہوں کہ ان کے ڈیپارٹمنٹ نے پیپر میں جو کرایہ لکھا ہے وہ 6 تا 7 ہزار ہے جبکہ موقع پر یہ 20 تا 25 ہزار روپے لیا جا رہا ہے۔ دکانیں اس قدر زیادہ ہیں کہ ان کی وجہ سے دربار نظر نہیں آتا، دربار کی خوبصورتی پر اثر پڑ رہا ہے جبکہ یہ کہہ رہے ہیں کہ کوئی اثر نہیں پڑ رہا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری صاحب! اس سے تو security کا مسئلہ بھی ہو سکتا ہے۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! بالکل یہ سکیورٹی کا مسئلہ بھی ہو سکتا ہے چونکہ میں نے اس دربار کو personally وزٹ نہیں کیا۔ ہمارے

پاس جو کوائف ہیں وہ documented ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ کے اکاؤنٹ میں کرایہ جمع ہو گا ہم تو اسی کرایہ کو تصور کریں گے اور ہاؤس میں بھی وہی چیز بتائیں گے۔ اگر اس میں کوئی آدمی ملی بھگت کے ساتھ ڈیپارٹمنٹ کو 6 ہزار دے رہا ہے اور وہاں سے 25 ہزار وصول کر رہا ہے چونکہ محترمہ وہاں پر لوکل ہیں ان کے علم میں زیادہ ہو گا بلکہ یہ ہماری راہنمائی فرمائیں ہمیں اس کی identification کریں۔ ہم نا صرف اس کی انکوائری کروائیں گے بلکہ اس میں جو لوگ ملوث ہوں گے ان کو اِنشاءاللہ سزا بھی دیں گے۔

**محترمہ شاہدہ احمد:** جناب چیئرمین! میں بالکل ساتھ دینے کے لئے تیار ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جی، ٹھیک ہے محترمہ! آپ ان کو identify کریں۔

**محترمہ شاہدہ احمد:** جناب چیئرمین! میں request کروں گی کہ یہ موقع پر بھی جا کر وزٹ کریں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! ہم اِنشاءاللہ موقع پر بھی وزٹ کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال جناب محمد طاہر پرویز کا ہے۔۔۔ وہ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 3983 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال بھی جناب محمد طاہر پرویز کا ہے۔۔۔ وہ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 3984 کو بھی dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ عائشہ اقبال کا ہے۔

**محترمہ عائشہ اقبال:** جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 4114 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## گجرات: شاہ دولہ دربار پر بچوں کے سروں پر خول چڑھا کر معذور بنانے سے متعلقہ تفصیلات

*4114: **محترمہ عائشہ اقبال:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا حکومت کو علم ہے کہ شاہ دولہ دربار گجرات میں معصوم بچوں کے سروں پر لوہے کے خول چڑھائے جاتے ہیں اگر ہاں تو حکومت نے اس کی روک تھام کے لئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ب) حکومت نے اب تک کتنے بچوں کی اس گھناؤنے کام میں ملوث افراد سے بازیاب کروایا ہے تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

(ج) دربار کے احاطے میں بھکاریوں کی روک تھام کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

(د) صوبہ بھر میں موجود مزارات اور درباروں کی نگرانی کے لئے حکومت نے کیالائحہ عمل اختیار کیا ہے؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف ومذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) دربار حضرت شاہ دولہ گجرات زیر تحویل محکمہ اوقاف حکومت پنجاب ہے اور اس دربار کی حدود میں کسی بچے کے سر پر لوہے کا خول نہیں چڑھایا جاتا۔

(ب) دربار شریف پر ایسا کوئی کام نہ ہو رہا ہے۔

(ج) دربار حضرت شاہ دولہ کے احاطہ میں کوئی بھکاری نہیں ہوتا مزید یہ کہ دربار شریف کو بھکاریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے عملہ دربار اور محکمہ پولیس دربار شریف پر موجود ہے۔

(د) محکمہ اوقاف نے صوبہ بھر کے مزارات کی نگرانی کے لئے نگران، چوکیدار اور سکیورٹی گارڈز اور رضاکار تعینات کر رکھے ہیں اس کے علاوہ سی سی ٹی وی کیمرہ جات بھی نصب ہیں اہم مزارات پر واک تھرو گیٹ بھی رکھے گئے ہیں نیز زائرین کو بذریعہ میٹل ڈیٹیکٹر بھی چیک کیا جاتا ہے۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ عائشہ اقبال:** جناب چیئرمین! میں اس سوال کے جواب سے بالکل مطمئن نہیں ہوں کیونکہ ان بچوں کو دولے شاہ کا چوآ کہا جاتا ہے اور میں بذات خود بھی دیکھتی ہوں اور یوٹیوب پر بھی موجود ہے۔ میں پارلیمانی سیکرٹری صاحب سے کہوں گی کہ وہ ابھی یوٹیوب پر دیکھ لیں آپ کو اس

کی پوری ہسٹری نظر آجائے گی جبکہ جواب میں بالکل deny کیا گیا ہے۔ اگر یہ یوٹیوب پر اس چیز کو سرچ کریں گے تو ان کے سامنے سب آجائے گا۔

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! بالکل اس کو deny کیا گیا ہے۔ ہمارا ڈیپارٹمنٹ دربار کے اندر کی premises کے معاملات کا ذمہ دار ہوتا ہے دربار کے باہر ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے وہ ڈسٹرکٹ مینجمنٹ یا پولیس سے متعلقہ ہے۔ جو میں نے معلومات لی ہیں اس کے مطابق آج سے بیس، پچیس، تیس سال پہلے اس طرح کے کچھ واقعات پیش آئے تھے لیکن دربار کی premises میں لوہا پہنائے جانے والا کوئی بھی واقعہ رونما نہیں ہوا۔ جو ویڈیوز یوٹیوب پر ہیں اگر وہ دربار کے اندر کی premises کی ہیں تو پھر محکمہ اوقاف اس کا ذمہ دار بنتا ہے اور اگر وہ دربار کے باہر کی ہیں تو اس کے لئے ہمارا ڈیپارٹمنٹ ذمہ دار نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! اگلا ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ عائشہ اقبال:** جناب چیئرمین! میری تو درخواست ہے کہ اس پر آپ تحقیقات کروائیں۔ شکریہ

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! ہم نے اس کی تحقیقات کروائی ہیں اس کے بعد ہی ہاؤس میں جواب دیا گیا ہے۔ دربار کی premises میں ایسا کچھ نہیں ہو رہا ہے اور ویڈیو میں بھی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ دربار کے احاطے کے باہر ہو رہا ہے۔ پھر بھی ہم مزید چیک کر لیتے ہیں۔ جہاں تک میرے علم میں لایا گیا ہے وہ یہی ہے کہ دربار کی premises میں اس طرح کی کوئی چیز نہیں ہو رہی ہے۔

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال امان اللہ وڑائچ کا ہے۔۔۔ وہ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 4150 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ رخسانہ کوثر کا ہے۔۔۔ وہ بھی موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 4215 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب محمد ارشد ملک کا ہے ان کی request آئی ہے لہٰذا اس سوال نمبر 4220 کو pending کرتے ہیں۔ اگلا سوال سید عثمان محمود کا ہے جی، سوال نمبر بولئے گا۔

**سید عثمان محمود:** اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 4348 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## رحیم یار خان: محکمہ اوقاف کے زیر انتظام مساجد اور مزارات کی تعداد اور سالانہ آمدن سے متعلقہ تفصیلات

***4348: سید عثمان محمود:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) رحیم یار خان میں محکمہ اوقاف کے زیر تحویل کتنی مساجد اور مزارات ہیں؟

(ب) ان مزارات سے سالانہ آمدن کتنی ہے اس ضلع کے مزارات کی تزئین و آرائش اور سہولیات کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) رحیم یار خان میں محکمہ اوقاف کے زیر انتظام 18 مساجد اور 14 مزارات ہیں (تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ب) ان مزارات سے سال 19-2018 میں حاصل ہونے والی آمدن مبلغ -/13010011 روپے ہے (تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

ان مزارات پر محکمہ کی جانب سے رحیم یار خان میں مزار حضرت بابا غریب شاہ پر مبلغ 12 لاکھ روپے سال 20-2019 میں خرچ کئے گئے۔ حسب ضرورت مزارات کی تزئین و آرائش بھی کی جاتی ہے۔ نیز محکمہ اوقاف کی جانب سے ان مزارات کے زائرین کی سہولت کے لئے پینے کے لئے ٹھنڈا پانی، وضو، رفع حاجت کے لئے لیٹرین، سکیورٹی کیمرہ جات اور واک تھرو گیٹ کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ مزارات کی صفائی ستھرائی کا بھی انتظام ہے۔

**سید عثمان محمود:** جناب چیئرمین! میں اس question کے جواب سے تو satisfy ہوں لیکن میں ایک گزارش کرنا چاہوں گا اور میرے انتہائی قابل احترام بھائی پارلیمانی سیکرٹری اوقاف جناب

تیمور علی لالی یہاں موجود ہیں تو آپ کے اور ہمارے وسیب میں ایک حضرت خواجہ غلام فرید رحمت اللہ علیہ کا جو دربار ہے اس کی ایک بڑی historical, cultural, religious and spiritual presence ہے اور چند ماہ قبل وزیراعلیٰ صاحب بھی، منسٹر اوقاف بھی اور بیوروکریسی کے کافی ساری ہماری top tire وہاں تشریف لے گئے تھے۔ انہوں نے اس کی تعمیر و توسیع کے حوالے سے کافی سارے اعلانات کئے تھے تو میں آپ کے توسط سے چونکہ یہ آپ کا بھی ایک neighboring خطہ ہے اور ہمارا تعلق ریاست بہاولپور سے ہے۔ اس دربار کی ہم سب کی وہاں زندگی میں ایک value ہے اور کہہ سکتے ہیں کہ ایک سخاوت ہے تو اس کے حوالے سے میں with your permission پارلیمانی سیکرٹری اور ڈیپارٹمنٹ کو request کروں گا کہ اس دربار کے maintenance کے حوالے سے اور تعمیر و توسیع کے حوالے سے جو اعلانات کئے گئے تھے ان کو kindly ترجیحاتی بنیادوں پر take up کیا جائے۔ .Thank you

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری !وعدے وفا کئے جائیں۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین !شکریہ۔ انشاءاللہ کوشش کریں گے کہ جو سارے وعدے ہماری طرف سے کئے جا رہے ہیں وہ وفا ہو جائیں۔ میں نہایت قابل احترام بھائی مخدوم سید عثمان محمود کو ایک چیز گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت ساؤتھ پنجاب میں CM صاحب کے personal interest سے کافی بہتر فنڈز اس دربار کے لئے ہمیں رکھنے کا کہا ہے جس کے لئے ایک کمیٹی بھی بنائی گئی ہے جو دربار پر کام ہونے والا ہے یا ان کی تعمیر و توسیع ہونے والی ہے ان کی ایک لسٹ تیار کی جا رہی ہے جس میں آپ کی جو ریاست بہاولپور ہے یا اس میں کافی چیزیں اس ADP میں بھی reflect کر رہی ہیں اور جو miss ہو جائیں گی اس میں CM صاحب کی خصوصی ہدایت پر ان پر کام جاری ہے اور ان کی انشاءاللہ نشاندہی کر کے جلد از جلد ان پر بھی کام شروع کر دیا جائے گا۔ باقی مخدوم سید عثمان محمود کے ساتھ مل کر انشاءاللہ تعالیٰ ہم departmental طور پر بیٹھ جاتے ہیں ہم ڈائریکٹر ایڈمن یا سیکرٹری صاحب کے ساتھ بیٹھ کر اور further اس دربار کو دیکھ لیتے ہیں کہ جو CM صاحب نے announce کیا تھا وہ کس حد

تک، کس procedure میں ہے اور کس جگہ پر پہنچا ہے تاکہ جہاں پر اس میں کوئی رکاوٹ ہے تو ان مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** جی، Satisfied?

**سید عثمان محمود:** جناب چیئرمین! جی، Thank you . Very satisfied and very kind.

**جناب چیئرمین:** جی، thank you very much. جی، اگلا سوال جناب محمد مرزا جاوید کا ہے سوال نمبر بولئے گا۔

**جناب محمد مرزا جاوید:** جناب چیئرمین! سوال نمبر 4410 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## تحصیل رائیونڈ میں محکمہ اوقاف کے تحت رقبہ کی تعداد اور اس پر ناجائز قابضین سے متعلقہ تفصیلات

***4410: جناب محمد مرزا جاوید:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) تحصیل رائیونڈ ضلع لاہور میں محکمہ اوقاف کے تحت کل کتنا رقبہ کس کس مقام پر ہے تفصیل سے بیان فرمائیں؟

(ب) مالی سال 19-2018 میں اب تک کتنا رقبہ ناجائز قابضین سے واگزار کرایا گیا ہے اور ناجائز قابضین کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) تحصیل رائیونڈ ضلع لاہور میں محکمہ اوقاف کی وقف جائیداد کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ وقف اراضی و دربار حضرت نور شاہ اٹاری (رکھ لدھیکے) رائیونڈ رقبہ تعدادی 2845 کنال 10 مرلے

2۔ خانقاہ اللہ بخش موضع مانک رقبہ تعدادی 59 کنال 12 مرلے

3۔ وقف تکیہ الٰہی شاہ چوہنگ موضع چوہنگ رقبہ تعدادی 54 کنال 6 مرلے

4۔ مسجد بطرف عبداللہ موضع جودھو ڈھیر رائیونڈ رقبہ تعدادی 39 کنال 10 مرلے

5۔ امام بار گاہ امبالہ پٹیالہ موضع بھو بھتیاں رائیونڈر قبہ تعدادی 140 کنال 8 مرلے

6۔ دربار حضرت شاہ بابل غازی موضع بھو بھتیاں رقبہ تعدادی 53 کنال 02 مرلے

7۔ شاہ محمد غازی جلیانہ ٹبہ موضع رائیونڈر قبہ تعدادی 79 کنال 11 مرلے

8۔ مسجد غلہ منڈی مین بازار رائیونڈ رقبہ تعدادی 02 کنال 12 مرلے

9۔ دربار حضرت بابار حمت علی شاہؒ مانگا روڈ رائیونڈ رقبہ تعدادی 04 کنال

(ب) تحصیل رائیونڈ میں محکمہ اوقاف کا رقبہ تعدادی 52 کنال 2 مرلے زیر ناجائز قبضہ ہے جس کے معاملات مختلف عدالتوں میں زیر کارروائی ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے

1۔ وقف رقبہ ملحقہ خانقاہ اللہ بخش موضع مانک کا رقبہ 47 کنال 2 مرلے بحریہ آرچرڈ میں آچکا ہے معاملہ مذکور عدالت اینٹی کرپشن لاہور میں زیر کارروائی ہے۔

2۔ وقف امام بار گاہ امبالہ پٹیالہ موضع بھو بھتیاں تعدادی 1 کنال پر عیسائیوں کی بستی ہے اور اس بستی میں عرصہ قدیم سے عیسائی رہائش پذیر ہیں ان سے یہ رقبہ واگزار کروانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

3۔ محکمہ اوقاف نے دربار حضرت بابار حمت شاہ مشتمل بر قبہ تعدادی 04 کنال کو محکمانہ تحویل میں لینے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جو کہ ڈسٹرکٹ کورٹ میں زیر سماعت ہے۔ مقدمہ مذکور میں تاریخ پیشی مورخہ 2020-06-10 مقرر تھی مقررہ تاریخ پر حتمی بحث ہو چکی ہے۔ معزز عدالت کے فیصلہ فرمانے کے بعد اس کو مد نظر رکھتے ہوئے ناجائز قابض سے دربار شریف واگزار کرانے کی بابت مزید ضروری کارروائی فوراً عمل میں لائی جائے گی۔

**جناب چیئر مین:** جی، کوئی ضمنی سوال ہے؟

**جناب محمد مرزا جاوید:** جناب چیئر مین! میں نے سوال کیا تھا کہ محکمہ اوقاف کے رائیونڈ تحصیل میں کل کتنا رقبہ ہے تو انہوں نے اس کے جواب میں لکھا ہے کہ موضع رکھ لدھیکے میں 2845 کنال 10 مرلے رقبہ ہے تو میرا ضمنی سوال ہے کہ اس کا قبضہ کس کے پاس ہے، یہ قبضہ محکمے کے پاس ہے یا کسی اور کے پاس ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! اس کا قبضہ محکمے کے پاس ہے اور یہ رقبہ محکمہ نے پٹہ یعنی لیز پر دیا ہوا ہے جس سے محکمے کو خاطر خواہ آمدن بھی ہو رہی ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، آپ کا اگلا Supplementary question?

**جناب محمد مرزا جاوید:** جناب چیئرمین! میرا دوسرا ضمنی سوال ہے کہ۔۔۔

**(اذان عصر)**

**جناب چیئرمین:** جی، جناب محمد مرزا جاوید!

**جناب محمد مرزا جاوید:** جناب چیئرمین! انہوں نے کہا کہ یہ 2845 کنال رقبہ لیز پر ہے تو ذرا مہربانی کر کے یہ بتا دیں کہ یہ کتنے عرصے تک لیز پر ہے اور کتنی رقم کے عوض لیز پر دیا ہوا ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سکرٹری موصوف!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! میرا خیال ہے کہ یہ fresh question بنتا ہے۔ آپ کو خود بھی اندازہ ہے کہ انہوں نے supplementary question میں نہیں پوچھا تھا لیکن چونکہ موجودہ صورتحال سے آگاہ کرنا میرا فرض بنتا تھا تو یہ وہ رقبہ ہے جو آشیانہ ہاؤسنگ سوسائٹی کے against محکمے نے جس کا تبادلہ کیا تھا جو ٹرانسفر ہوا تھا جو آشیانہ ہاؤسنگ سکیم بنی تھی یہ 2845 کنال وہ رقبہ ہے۔ اس کو مختلف لوگوں کو لیز پر دیا گیا ہے اگر ان کو details چاہئیں کہ وہ کتنے پیسوں کے عوض ہے یا کیا چیز ہے تو یہ fresh question بنتا ہے لیکن میں پھر بھی ان کو وہ details فراہم کرنے لئے تیار ہوں تو یہ after session میرے ساتھ coordinate کر لیں تو میں ان کو ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے details فراہم کروا دوں گا۔

**جناب محمد مرزا جاوید:** جناب چیئرمین! یہ عرصہ بتا دیں کہ یہ کتنے عرصے کے لئے لیز پر ہے؟ میں نے صرف عرصہ پوچھا ہے۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور(جناب تیمور علی لالی):** جناب چیئرمین! میں نے یہی کہا ہے کہ یہ میرے علم میں نہیں ہے لیکن جو رقبہ کو لیز کرنے کی ڈیپارٹمنٹل پالیسی ہے تو اسی پالیسی کے تحت اس رقبہ کو لیز پر دیا گیا ہے یہ غالباً سات سال عرصہ ہوتا ہے بلکہ یہ تین سال کے لئے ہوتا ہے پھر اس کے بعد اس کو ایک ایک سال extend کیا جاتا ہے جو کہ تقریباً سات سال تک جاتا ہے تو یہ ساری details ان کو فراہم کر دی جائیں گی۔

**جناب چیئرمین:** جی، یہ آپ کے question کا part نہیں ہے تو اس لئے آپ fresh question دے دیں یا after session انہوں نے آپ کو detail دینے کا بھی کہا ہے۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور(جناب تیمور علی لالی):** جناب چیئرمین! یہ بیشک fresh question نہ ڈالیں۔ اس میں کوئی problem نہیں ہے میں ان کو details دینے کو تیار ہوں۔ یہ آج ہمارے ساتھ coordinate کر لیں ان کی جو بھی rep ہیں انشاءاللہ ڈیپارٹمنٹل جو بھی details ہیں ان کو فراہم کر دی جائیں گی۔

**محترمہ رخسانہ کوثر:** جناب چیئرمین! میرا question تھا لیکن میں گیلری میں موجود تھی لہٰذا آپ مہربانی کریں۔

**جناب چیئرمین:** جی، آپ سوال نمبر بولیں۔

**محترمہ رخسانہ کوثر:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرا سوال نمبر 4215 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## داتا گنج بخش علی ہجویری دستکاری سکول کی اصلی جگہ واپس منتقل نہ کرنے سے متعلقہ تفصیلات

***4215: محترمہ رخسانہ کوثر:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) داتا گنج بخش علی ہجویری سکول لاہور جو کہ دربار داتا صاحب کے مزار کے تہہ خانہ میں موجود تھا کچھ عرصہ قبل مرمت اور دوسرے کاموں کی وجہ سے دستکاری سکول کو دربار آئی ہسپتال شفٹ کر دیا مگر کافی عرصہ گزرنے کے باوجود تاحال دستکاری سکول کو

دربار ہسپتال سے اس کی اصل جگہ تہہ خانہ داتا دربار منتقل نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے سکول میں زیر تعلیم بچیاں کافی اضطراب کا شکار ہیں کیونکہ دستکاری سکول میں داخلے کے وقت ان کی تلاشی میٹل ڈیٹیکٹر سے لے کر داخلے کی اجازت دی جاتی تھی؟

(ب) سکول کی بچیوں کو دستکاری سکول آئی ہسپتال منتقلی کی وجہ سے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

(ج) کیا دستکاری سکول کو محکمہ اوقاف واپس اس کی اصل جگہ پر لانا چاہتی ہے اگر ہاں تو کب تک، نہیں تو اس کی وجوہات بتائیں؟

(د) دستکاری سکول داتا دربار میں فرائض سرانجام دینے والی اساتذہ کو تنخواہ ادا کی جاتی ہے مگر سکول کی پرنسپل کو کافی عرصہ سے تنخواہ کی ادائیگی نہیں کی جارہی ہے اس کی وضاحت فرمائیں؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف ومذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) علی ہجویری دستکاری سکول تہہ خانہ داتا دربار میں نہ تھا بلکہ ایڈمن بلاک داتا دربار میں کام کر رہا تھا۔ جو کہ مرمت اور دوسرے کاموں کی وجہ سے دربار آئی ہسپتال شفٹ نہ کیا گیا بلکہ ڈی ایس پی(سکیورٹی) داتا دربارنے اپنے تحریری مراسلہ نمبری DD-sec/DSP-13 مورخہ 28فروری2017 کو سکیورٹی خدشات کے پیش نظر دستکاری سکول کی ایڈمن بلاک داتا دربار سے منتقلی کے لئے تحریر کیا تحریری مراسلہ کی نقل بر فلیگ (الف)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

ڈی ایس پی سکیورٹی داتا دربار کے مراسلہ کو مد نظر رکھتے ہوئے جناب ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور اوقاف پنجاب کی زیر صدارت ایک اجلاس مورخہ 16مارچ2017 کو منعقد ہوا جس میں خطیب جامع مسجد داتا دربار، ڈی ایس پی سکیورٹی داتا دربار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذہبی امور و مینجرز داتا دربار نے شرکت کی اس اجلاس میں ڈی ایس پی سکیورٹی داتا دربار نے شرکاء اجلاس کو بتایا کہ سکیورٹی حالات کے پیش نظر خفیہ اداروں کی جانب سے واضح طور پر خبر دار کیا کہ آئندہ خود کش دہشت گردی کے واقعات کسی برقع پوش عورت کے ذریعے رونما ہو سکتے ہیں لہذا کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کے لئے دربار

شریف کے ایڈمن برانچ (ایگزیکٹو بلاک) میں خواتین کی آمد و رفت کو محدود کر دیا جائے اور فی الحال دستکاری سکول کو عارضی طور پر بند کر دیا جائے یا کسی دوسری جگہ شفٹ کر دیا جائے۔ روئیداد کی نقل بر فلیگ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

متذکرہ بالا وجوہات کے باعث دستکاری سکول کو داتا دربار ہسپتال میں منتقل کیا گیا تھا جو کہ داتا دربار کے بالکل قریب ہے داتا دربار میں اس وقت سکیورٹی خدشات کے پیش نظر جگہ جگہ بیریئر اور چیکنگ کے لئے پولیس کی نفری تعینات ہے اس کے برعکس دربار ہسپتال میں آنا جانا بہت آسان ہے جبکہ دربار ہسپتال اور داتا دربار میں زیادہ فاصلہ بھی نہ ہے۔ جن مشکلات کا ذکر محترمہ رخسانہ کوثر (ایم پی اے) نے فرمایا ہے کہ میٹل ڈیٹیکٹر سے تلاشی لینے کے بعد بچیوں کو داتا دربار میں موجود دستکاری سکول میں داخلے کی اجازت دی جاتی تھی انہی مشکلات کو حل کرنے کے لئے سکول کو داتا دربار سے داتا دربار ہسپتال میں منتقل کیا گیا ہے۔ جبکہ حالیہ لاک ڈاؤن کی وجہ سے حکومتی احکامات کے تحت داتا دربارؒ کو مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے۔

(ب) دستکاری سکول کو داتا دربار ہسپتال میں منتقل کرنے سے طالبات کو آسانی پیدا ہو گئی ہے کیونکہ داتا دربار میں سکیورٹی وجوہات کی بناء پر طالبات کو مختلف سکیورٹی چیکنگ کے مراحل سے گزر کر سکول تک پہنچنا ہوتا تھا اور مذہبی تہواروں، رمضان المبارک میں اعتکاف و شبینہ کی تقریبات، سالانہ غسل مبارک، سالانہ عرس مبارک و دیگر مذہبی تقریبات پر سکول بند ہونے کی وجہ سے ان کی تعلیم متاثر ہوتی تھی جبکہ دربار آئی ہسپتال میں نسبتاً طالبات کو آنے جانے میں بہت آسانی ہے۔

(ج) سکیورٹی وجوہات کی بناء پر، داتا دربار کے موجودہ احاطے میں، خواتین کے کسی ادارے کو منتقل کرنا، سر دست مشکل ہے، دربار شریف کے زیر غور توسیعی منصوبے میں، اس ادارے کے لئے کوئی مستقل جگہ زیر غور لائی جانا ممکن ہو گی۔

(د) پرنسپل داتا دربار دستکاری سکول کی اسامی باقاعدہ منظور شدہ نہ ہے بایں وجہ تنخواہ کی ادائیگی نہ ہو سکی۔ مجاز اتھارٹی نے عملہ کو مشاہرہ کی ادائیگی و دیگر امور کے جائزہ کے لئے، حسب ذیل پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ (نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

1۔ زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف داتا دربار کنوینئر
2۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاؤنٹس ممبر
3۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر تبلیغ و تربیت ممبر
4۔ منیجر اوقاف داتا دربارؒ لاہور ممبر / سیکرٹری

مذکورہ کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں معاملہ پر مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
واضح رہے کے اس وقت دستکاری سکول میں پرنسپل کی اسامی بوجہ استعفیٰ مورخہ 14 جنوری 2020 سے خالی ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ رخسانہ کوثر:** جناب چیئرمین! میں جز(ب) کے حوالے سے ضمنی سوال کرنا چاہوں گی تو اس میں لکھا گیا ہے کہ دربار آئی ہسپتال میں نسبتاً طالبات کو آنے جانے میں بہت آسانی ہے جبکہ اب بتایا جارہا ہے کہ وہاں سے سکول انتظامیہ کو کہا گیا ہے کہ آپ یہاں سے کسی اور جگہ شفٹ ہو جائیں تو وہ کہاں شفٹ ہوں، انہیں بلڈنگ مہیا کی جائے اور اگر کی جائے گی تو کب تک؟ دوسرا پرنسپل کو یہ کہہ کر ان کی سیلری دی گئی کہ اگر آپ لکھیں گی کہ میں job سے resign کر رہی ہوں۔ اس نے resign لکھا تو پھر اسے سیلری دی گئی تو یہ انتہائی زیادتی ہے کہ کسی سے کسی کا روزگار چھین لیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! جیسے آپ کو اور ہمیں معلوم ہے، اور لاء منسٹر صاحب بھی یہاں پر موجود ہیں تو لاء اینڈ آرڈر کی جو situation ہمارے ملک کی ہے وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے اور ایک سکول پہلے وہ داتا دربار کے basement میں نہیں تھا وہ Admin Block میں تھا اور Admin Block میں اُس سکول کے لئے آمد و رفت کو کھولنا اور یقینی بنانا ناممکن ہے اس کو بند کرنے کی وجہ یہ تھی کہ جو ہمارے داتا دربار کے ڈی ایس پی سکیورٹی ہوتے ہیں انہوں نے باقاعدہ writing letter 2017 in میں لکھا اور 2017 میں اُس سکول کو شفٹ کیا گیا اور 2017 میں محترمہ کی پارٹی کی گورنمنٹ تھی ہماری

گورنمنٹ نہیں تھی اس لئے اُس کو کسی بھی حساب سے شفٹ کرنا پچھلی گورنمنٹ کا کام تھا اُس کو ہم نے شفٹ نہیں کیا تھا۔ 2017 میں اُس کو سکیورٹی خدشات کے مد نظر شفٹ کیا گیا تھا جہاں تک اب اُس کو دوبارہ شفٹ کرنے کی بات ہے جب تک ہمیں Security Agencies and Law Enforcement Agencies clear نہیں کرتی کہ سکول کو دوبارہ داتا دربار میں شفٹ کیا جائے تب تک ہمارے ڈیپارٹمنٹ کا سکول کو دوبارہ داتا دربار کے Admin Block میں شفٹ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ!

**محترمہ رخسانہ کوثر:** جناب چیئرمین! میں پارلیمانی سیکرٹری صاحب سے تھوڑی سی وضاحت چاہوں گی کہ انہوں نے ہماری گورنمنٹ پر معاملہ ڈال دیا ہے تو جو کام اُس وقت رہ گئے تھے تو کیا وہ کوئی بھی کام نہیں کیا جائے گا مجھے تھوڑا سا یہ بتا دیں۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ! انہوں نے کہا کہ security reasons ہیں جو crux of the story ہے یہ ہے کہ security reasons کی وجہ سے سکول شفٹ ہوا ہے۔ محترمہ! آپ کا اگلا ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ رخسانہ کوثر:** جناب چیئرمین! وہ سکول آئی ہسپتال کے اندر موجود ہے اب وہاں سے بھی اُنہیں کہا گیا ہے کہ آپ یہاں سے کہیں اور شفٹ ہو جائیں۔

دوسری بات میں نے یہ کی تھی کہ پرنسپل سے اُس کی جاب کا resign لکھوایا پھر اُس کو سیلری دی گئی یہ انتہائی زیادتی ہے اس کی ایک انکوائری کروائی جائے اور اُس کو دوبارہ سے جاب دی جائے۔

تیسری بات یہ ہے کہ اگر سکول وہاں پر ہے تو پھر ensure کروایا جائے سکول کو کسی قسم کا کچھ نہ کیا جائے اُن کے جو تحفظات ہیں وہ دور کئے جائیں اور جہاں تک یہ بات ہے کہ ہماری گورنمنٹ تھی تو وہ شفٹ ہوا اگر ڈی ایس پی صاحب نے لکھ دیا تو کیا حالات اب بھی وہی ہیں اگر وہی حالات ہیں تو پھر کم از کم یہ تو کیا جائے وہاں پر جو آیا تھی اُس کی ڈیتھ ہو گئی ہے اب نہ اُن کے پاس عملہ ہے وہ خود سے چلایا جا رہا ہے پارلیمانی سیکرٹری صاحب تھوڑی شفقت فرمائیں کام کریں

میں نہیں چاہتی کہ تنقید برائے تنقید کروں تنقید برائے تعمیر ہونی چاہئے میں یہی چاہتی ہوں کہ یہ کام کریں اور نیکی کمائیں۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ! security reasons کی وجہ سے سکول شفٹ ہوا ہے اور ڈی ایس پی تبدیل بھی ہو جائیں وہ سکول تو security reasons کی وجہ سے شفٹ ہوا ہے۔ اگلا سوال چودھری اختر علی کا ہے تشریف فرما ہیں۔۔۔ تشریف نہیں رکھتے اس سوال نمبر 4630 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ حنا پرویز بٹ کا ہے اُن کی طرف سے request آئی ہوئی ہے کہ اُن کے سوال نمبر 4677 کو pending کر دیا جائے یہ سوال pending کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ عائشہ اقبال کی طرف سے ہے۔ جی، محترمہ سوال نمبر بولیں؟

**محترمہ عائشہ اقبال:** جناب چیئرمین! سوال نمبر 4936 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## گوجرانوالہ: ایمن آباد میں عثمانیہ مسجد کی تعمیر و مرمت و تزئین و آرائش سے متعلقہ تفصیلات

*4936: **محترمہ عائشہ اقبال:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گوجرانوالہ کے علاقہ ایمن آباد میں واقع عثمانیہ مسجد کی عمارت خستہ حالی اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے؟

(ب) حکومت کی جانب سے مذکورہ عمارت کی مرمت کے حوالے سے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

(ج) حکومت کی جانب سے تاریخی مذہبی عمارتوں کی نگہداشت اور تزئین و آرائش کے حوالے سے کیا لائحہ عمل اختیار کیا گیا ہے تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) گوجرانوالہ کے علاقہ ایمن آباد میں واقع عثمانیہ مسجد محکمہ اوقاف کے زیر تحویل نہ ہے۔ لہٰذا محکمہ مسجد مذکورہ کی خستہ حالی اور تعمیر و مرمت کے حوالے سے تبصرہ کرنے سے قاصر ہے۔

(ب) چونکہ مسجد محکمہ اوقاف کے زیر تحویل نہ ہے لہٰذا محکمہ مسجد مذکورہ کی خستہ حالی اور تعمیر و مرمت کے حوالے سے اقدامات اٹھانے سے قاصر ہے۔

(ج) محکمہ اوقاف کے زیر تحویل تاریخی و مذہبی عمارات کی محکمہ آثار قدیمہ پنجاب سے باقاعدہ (NOC) کے بعد اپنے محدود ذرائع میں رہتے ہوئے تزئین و آرائش عمل میں لائی جاتی ہے۔

**جناب چیئرمین** : جی، کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ عائشہ اقبال**: جناب چیئرمین! میں جواب سے مطمئن ہوں صرف ایک ضمنی سوال ہے کہ کیا ممکن ہے کہ محکمہ اوقاف اس مسجد کو کیونکہ یہ 5 سو سال پرانی مسجد ہے اپنی تحویل میں لے لے؟

**جناب چیئرمین**: جی، جناب تیمور علی لالی!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! جیسے میں نے پہلے بتایا ہے کہ یہ ہمارے متعلق سوال ہی نہیں بنتا تھا جو سوال محترمہ نے کیا ہے۔ اُس کے لئے departmental policy کے مطابق ہمیں اس کی identification check کرنا پڑے گی اس کو ہم دیکھ لیتے ہیں اگر یہ جو محکمہ اوقاف کی پالیسیز ہیں اُس کے اوپر پورا اُترتی ہے تو we will check that.

**محترمہ عائشہ اقبال**: جناب چیئرمین! شکریہ

**جناب چیئرمین** : جی، بالکل ۔ اگلا سوال محترمہ فائزہ مشتاق کا ہے۔ محترمہ تشریف فرما ہیں؟۔۔۔ تشریف نہیں رکھتیں اس سوال نمبر 4945 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال بھی محترمہ فائزہ مشتاق کا ہے۔۔۔ تشریف فرما نہیں ہیں اس سوال نمبر 4946 کو بھی dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب صہیب احمد ملک کا ہے۔ تشریف فرما ہیں؟ تشریف نہیں رکھتے۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب چیئرمین! اُن کی request آئی ہے کہ اُن کے سوال کو pending کر دیں۔

**جناب چیئرمین:** مجھے تو اُن کی کوئی request نہیں آئی۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب چیئرمین! انہوں نے مجھے کہا تھا میرے سوال کو pending کرنے کی request کر دیں۔

**جناب چیئرمین:** چلیں جناب صہیب احمد ملک کے سوال نمبر 5001 کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب منیب الحق کا ہے۔۔۔ تشریف نہیں رکھتے اس سوال نمبر 5104 کو dispose of کیا جاتا ہے ۔ اگلا سوال بھی جناب منیب الحق کا ہے۔۔۔ تشریف نہیں رکھتے ۔اس سوال نمبر 5106 کو بھی dispose of کیا جاتا ہے ۔اگلا سوال محترمہ اسوہ آفتاب کا ہے ۔۔۔ تشریف نہیں رکھتیں اس سوال نمبر 5245 کو dispose of کیا جاتا ہے ۔اگلا سوال جناب ممتاز علی کا ہے۔۔۔ تشریف نہیں رکھتے اس سوال نمبر 6330 کو dispose of کیا جاتا ہے۔اگلا سوال سیدہ زہرا نقوی کا ہے۔جی، محترمہ سوال نمبر بولیں؟

**سیدہ زہرا نقوی:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔جناب چیئرمین !میرا سوال نمبر 6581 ہے۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## صوبہ میں محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام درسگاہوں کی تعداد اور پڑھائے جانے والے نصاب سے متعلقہ تفصیلات

*6581: **سیدہ زہرا نقوی:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام صوبہ بھر میں کتنی درس گاہیں اور مدارس ہیں؟

(ب) ان درس گاہوں اور مدارس کی تفصیل بیان کی جائے؟

(ج) ان مدارس اور درس گاہوں میں کونسا نصاب پڑھایا جاتا ہے؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب کے زیر تحویل صوبہ بھر میں مدارس کی تعداد 72 ہیں۔

(ب) پنجاب اوقاف آرگنائزیشن کے زیر تحویل درس گاہوں اور مدارس کی تفصیل تتمہ (الف)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) پنجاب اوقاف آرگنائزیشن کے زیر تحویل 72 مدارس میں سے 71 مدارس مساجد سے ملحق اور منسلک ہیں، جس میں مقامی آبادی کے بچوں کو صرف ناظرہ قرآن پاک اور بعض میں درجہ حفظ کی تعلیم دی جاتی ہے جبکہ ایک مدرسہ جامعہ ہجویریہ ملحقہ دربار حضرت داتا گنج بخشؒ ہے۔ جس میں ہائر ایجوکیشن کمیشن سے منظور شدہ تعلیمی بورڈ "تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان "کا مروجہ نصاب برائے شہادۃ العامہ (میٹرک) ، شہادۃ الخاصہ (ایف اے) ، شہادۃ العالیہ (بی اے) ، شہادۃ العالمیہ فی العلوم العربیہ و الاسلامیہ (ایم اے)اور تخصص فی الفقہ پڑھایا جاتا ہے۔

**جناب چیئرمین :** جی، کوئی ضمنی سوال ہے؟

**سیدہ زہرا نقوی:** جناب چیئرمین ! میں بس ایک ضمنی سوال پوچھنا چاہوں گی کہ ان مدارس اور درس گاہوں کی جو تفصیلات مجھے مہیا کی گئی ہیں اس کے علاوہ بھی مختلف فرقوں، مدارس اور مساجد کی تفصیلات میرے پاس موجود ہیں جو اس کے علاوہ ہیں۔ میں یہ پوچھنا چاہوں گی اگر یہ درس گاہیں اور مساجد محکمہ اوقاف کے under نہیں آتیں تو یہ کس کے under آتی ہیں اُن کو کون دیکھتا ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری جناب تیمور علی لالی!

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین ! اُن کو محکمہ اوقاف تو قطعاً نہیں دیکھتا ہو گا کیونکہ محکمہ اوقاف تو جو اُس کے اپنے زیر تحویل مدارس ہیں، مساجد ہیں اور مزارات ہیں اُن کو دیکھتا ہے۔ اُن کی تعمیر و آرائش، اُن کی سیکیورٹی اور وہاں پر زائرین کے لئے سارے انتظامات کرتا ہے۔ غالباً میری بہن کے لئے for acknowledgment کہ اگر کوئی بھی مدارس ہے اُنہوں نے اُس کو کسی نہ کسی ایجنسی سے این او سی لے کر ہی یا رجسٹرڈ کروا کر بنایا ہو گا۔ کافی سارے مدارس ایسے بھی ہیں جو privately چل رہے ہیں کچھ کو این جی اوز چلا رہی ہیں اُن کی details تو ہمارے ڈیپارٹمنٹ کے پاس نہیں ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ ! اگلا ضمنی سوال؟

**سیدہ زہرا نقوی:** جناب چیئرمین! مجھے اس سوال کا جواب نہیں ملا کیونکہ بہت سارے فرقوں کے بہت سارے مدارس اور ایسی درس گاہیں موجود ہیں اگر وہ گورنمنٹ کے under نہیں آتیں تو اُن کی supervision کون کر رہا ہے، اُن کو کسی کے under تو ہونا چاہئے کیونکہ سوال کے جز(ج) میں جو میرا سوال ہے کہ ان مدارس میں کون سا نصاب پڑھایا جا رہا ہے تو جو نصاب کی تفصیلات مجھے دی گئی ہیں میں اُس سے مطمئن نہیں ہوں۔ مختلف جگہوں پر کچھ اس طرح سے بھی نصاب پڑھایا جا رہا ہے کہ مدارس کے اندر زہر گھولا جا رہا ہے۔ ہر فرقے کے بارے میں کہا جا رہا ہے کہ یہ فرقہ حق ہے اور بعض فرقوں کے بارے میں نفرت انگیز باتیں پھیلائی جا رہی ہیں اور دوسرے فرقوں کے بارے میں تکفیریت سکھائی جا رہی ہے تو یہ نصاب کی تفصیل مجھے چاہئے۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ! محکمہ اوقاف کا نصاب سے تو کوئی concern نہیں ہے۔

**سیدہ زہرا نقوی:** جناب چیئرمین! اس کے لئے میرا سوال ہے؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! اس کے لئے لاء منسٹر تشریف فرما ہیں اس کی detail وہ مہیا کر دیں گے۔ باقی ہمارے ڈیپارٹمنٹ کو اُن درس گاہوں کا idea نہیں ہے کہ اُن کو کون run کر رہا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، آپ صحیح فرما رہے ہیں۔ اگلا سوال بھی محترمہ! آپ کا ہے۔ آپ سوال نمبر بول دیں؟

**سیدہ زہرا نقوی:** جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 6587 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## صوبہ میں اولیاء کرام کے مزارات کی سکیورٹی کے لئے
## حکومتی اقدامات سے متعلقہ تفصیلات

*6587: **سیدہ زہرا نقوی:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پنجاب میں اولیاء کرام کے مزارات کی سکیورٹی کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟

(ب) اولیا کرام کے مزارات کی سکیورٹی کے لئے کتنے اہلکار تعینات ہیں؟

(ج) کیاان مزارات کی سکیورٹی کے لئے نجی شعبہ سے بھی تعاون حاصل کیا گیا ہے؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی):

(الف) محکمہ اوقاف پنجاب کے زیر کنٹرول مزارات کی سکیورٹی کے لئے درج ذیل اقدامات کئے گئے ہیں۔

i ۔سکیورٹی گارڈز مع سکیورٹی آلات تعینات کئے گئے ہیں۔

ii۔سی سی ٹی وی کیمرہ جات نصب کئے گئے ہیں۔

iii۔زائرین کی چیکنگ کے لئے واک تھرو گیٹس بھی نصب کئے گئے ہیں۔

iv۔حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کے لئے خاردار تاریں بھی لگائی گئی ہیں۔

(ب) مزارات کی سکیورٹی کے لئے کل350عدد سکیورٹی گارڈز مع سکیورٹی آلات تعینات ہیں۔

(ج) مزارات کی سکیورٹی کے لئے محکمانہ سکیورٹی گارڈز کے علاوہ ضابطہ کے مطابق پرائیویٹ سکیورٹی کمپنیز کی خدمات بھی حاصل کی گئی ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی، کوئی ضمنی سوال ہے؟

**سیدہ زہرا نقوی:** جناب چیئرمین! یہاں پر میں نے سکیورٹی کے بارے میں سوال کیا ہوا ہے مجھے سکیورٹی کے حوالے سے جواب دیا گیا ہے۔ میں اب ایک ضمنی سوال یہ پوچھنا چاہوں گی کہ سکیورٹی الحمد اللہ بہت بہتر ہوئی ہے اس سے پہلے بہت بُرے حالات تھے داتا دربار میں بھی بم دھماکہ ہوا اور اس طرح کے جو سانحات ہیں اُن سے ہم گزر چکے ہیں۔ سکیورٹی کے حوالے سے گزشتہ سالوں سے بہت بہتر situation ہے لیکن جو باقی کئی طرح کی سکیورٹی ہے لوگوں کے ایمان کے تحفظ کی اور ان چیزوں کی تو اُن کے بہت بُرے حالات ہیں۔ مزارات پر دین کے نام پر لوگوں کو گمراہ کیا جا رہا ہے اور عجیب و غریب حُلئے میں لوگ بیٹھے ہوتے ہیں اور ہمارے جو سادہ لوح لوگ ہیں جن کی اولیاء اکرام سے محبت ہے عقیدت ہے وہ مزارات پر جاتے ہیں لیکن۔۔۔

**جناب چیئرمین:** جی، پارلیمانی سیکرٹری جناب تیمور علی لالی صاحب! آپ اس حوالے سے کوئی comment کرنا چاہیں گے یا جواب دیں گے؟

**پارلیمانی سیکرٹری برائے اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! بالکل میں جو محترمہ نے سوال کیا ہے اُسی سوال پر آؤں گا کیونکہ کافی اسی طرح کے relevant questions ہو رہے ہیں کہ دربار کے احاطے میں کسی بھی قسم کی کوئی بھی activity جو دربار کا premises بنتا ہے اُس میں ہم اُس کو sure shot کرتے ہیں کہ اُس کو یقینی بنایا جائے۔ جہاں تک اِن کو details بھی مزید چاہئے ہوں تو اس میں دو طریق کار سے سکیورٹی کو کرتے ہیں کچھ ہم پرائیویٹ کمپنیز کو گارڈز کے لئے اپلائی کرتے ہیں اُن سے پرائیویٹ گارڈز لیتے ہیں اور کچھ ہمارے اپنے departmental guards ہوتے ہیں جو کام کر رہے ہیں۔ اس وقت تک ہمارے جو اپنے departmental guards کام کر رہے ہیں وہ 147 ہیں اور جو پرائیویٹ کمپنیز سے گارڈ لئے ہیں وہ 203 ہیں اور باقی جگہوں پر پولیس کی نفری بھی تعینات ہوتی ہے۔ اس چیز کو shot sure بنایا جاتا ہے کہ دربار کی premises کے اندر کوئی بھی اس قسم کی حرکت نہ ہو دربار کی premises کے باہر کسی قسم کی بھی کوئی اُلٹی سیدھی حرکت ہوتی ہے تو اُس کے لئے ہمارا ڈیپارٹمنٹ یا ہماری سکیورٹی والے ذمہ دار نہیں ہیں۔ ہم انٹری سے لے کر جو دربار کی premises ہیں وہاں پر sure shot کیا جاتا ہے کہ کوئی گداگر اور نہ اور کسی قسم کی بھی حرکت ہو۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ آپ کا کوئی اور ضمنی سوال ہے؟

**سیدہ زہرا نقوی:** جناب چیئرمین! میں یہی کہنا چاہوں گی اور ایک request کرنا چاہوں گی کہ درباروں کے باہر بہت ساری نازیبا حرکات ہو رہی ہیں یہ اولیاء اکرام کی توہین ہے، مزارات کی توہین ہے کہ مذہب کے نام پر جعلی پیر لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں۔ اس طرح کے بہت سے کیسز پنجاب بھر میں دیکھے جا رہے ہیں تو میں یہاں پر صرف یہی گزارش کرنا چاہوں گی کہ یہ بہت اہم شعبہ ہے اس جانب توجہ کرنی چاہئے۔ سکیورٹی کو کنفرم کریں کہ درباروں کے اندر اور باہر اس طرح کی activities نہ ہوں۔

**جناب چیئرمین:** پارلیمانی سیکرٹری صاحب! یہ محترمہ کا بہت valid point ہے یہ کام تو ہونا چاہئے۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! ہم اپنی premises میں یہ sure shot کر ہی رہے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم کوشش

کر رہے ہیں کہ درباروں کے باہر بھی کسی طریقے سے حالات کو کنٹرول کیا جائے۔ یہاں پر لاء منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہیں ہم کسی قسم کی ٹیم بنا کر یہ بھی sure shot کریں گے۔ دربار کے باہر outside premises area ہے۔ ہماری teams کوشش کرتی ہیں کہ وہاں پر اس قسم کے لوگوں کو بیٹھنے نہ دیا جائے لیکن چونکہ ان کی یہ ذمہ واری نہیں ہوتی اس لئے وہ اس کام کو ٹھیک طریقے سے نہیں کر سکتے۔ اس معاملے کو میٹنگ کر کے انشاءاللہ تعالیٰ sort out کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ دربار کی premises کا کچھ radius decide کر دیا جائے کہ اس radius کے اندر کسی قسم کا جعلی پیر یا فراڈیہ شخص نہ بیٹھے۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** اگلا سوال سید حسن مرتضیٰ کا ہے ان کی طرف سے pending کرنے کی request آئی ہے لہٰذا ان کے سوالات نمبر 6960 اور 6961 کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب محمد الیاس کا ہے۔۔۔ وہ موجود نہیں لہٰذا ان کے سوال نمبر 6790 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اب وقفہ سوالات ختم ہوتا ہے اور سوالات بھی ختم ہوئے۔

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

### (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے)

### محکمہ اوقاف میں موذن / امام کی بھرتی اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*2701: **محترمہ حنا پرویز بٹ:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ بھر میں محکمہ اوقاف کے تحت کتنے دربار اور مساجد ہیں؟

(ب) ان میں کتنے ملازم کس کس سکیل میں ڈیلی ویجز اور کنٹریکٹ پر کام کر رہے ہیں؟

(ج) یکم جنوری 2017 سے اب تک کتنے افراد کو موذن، امام اور دیگر کیٹیگری میں کنٹریکٹ / ڈیلی ویجز پر تعینات کیا گیا ان کی تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

(د) اس وقت محکمہ اوقاف میں مؤذن / امام اور دیگر کتنی اسامیاں کس کس گریڈ اور عہدہ کی کب سے خالی ہیں کیا محکمہ ان خالی اسامیوں کو پر کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک، نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) پنجاب اوقاف آرگنائزیشن کے زیر انتظام 544 دربار اور 435 مساجد ہیں۔

(ب) پنجاب اوقاف آرگنائزیشن میں کوئی بھی ڈیلی ویجز پر تعینات نہ ہے جبکہ ٹوٹل 122 ملازمین کنٹریکٹ پر تعینات ہیں تفصیل (ج) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

| شعبہ مذہبی امور | نام آسامی | سکیل | تعداد |
|---|---|---|---|
| | مئوذن خادم و خادمہ | BS-04 | 43 |
| | نائب خطیب امام و مدرس | BS-07 | 23 |
| | معلمہ | BS-09 | 3 |
| | سنیئر خطیب امام و مدرس | BS-12 | 13 |
| | میزان | 82 | |
| شعبہ ایڈمن | | | |
| | نائب قاصد و نگران وخاکروب (A-17 کے تحت) | BS-02 | 30 |
| | معذور کوٹہ کے تحت کنٹریکٹ ملازمین | BS-02 | 10 |
| | میزان | 40 | |

(ج) پنجاب اوقاف آرگنائزیشن میں یکم جنوری 2017 سے اب تک کسی کو بھی ڈیلی ویجز پر تعینات نہ کیا گیا ہے جبکہ 43 کنٹریکٹ ملازمین تعینات ہیں، جس میں شعبہ مذہبی امور کے 3 ملازمین 17-اے اور شعبہ ایڈمن کے 30 ملازمین 17-اے اور 10 معذور کوٹا کے محاز کنٹریکٹ پر تقرری عمل میں لائی گئی تفصیل (د) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) پنجاب اوقاف آرگنائزیشن میں 181 اسامیاں خالی ہیں، جس میں اس وقت شعبہ مذہبی امور کی 76 اور شعبہ ایڈمن کی 105 اسامیاں خالی ہیں۔ تفصیل "ح" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے فی الحال نئی تقرریوں پر پابندی عائد ہے۔ جیسے پابندی ختم ہو گی خالی اسامیوں کے محاذ تقرریوں کے لئے مزید کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

## صوبہ میں محکمہ اوقاف کی کمرشل اراضی کی تعداد اور
## اس سے ہونے والی آمدن سے متعلقہ تفصیلات

***3483: محترمہ مومنہ وحید:** کیاوزیراوقاف ومذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا محکمہ اوقاف کی کمرشل اراضی کے منافع بخش استعمال کے لئے کوئی حکمت عملی مرتب کی گئی ہے؟

(ب) محکمہ اوقاف کی صوبہ بھر میں کتنی کمرشل اراضی ہے اوراس سے سالانہ کتنی آمدن ہوتی ہے؟

**وزیراوقاف ومذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) محکمہ اوقاف کی کمرشل اراضی کے استعمال کے لئے تاحال کوئی قوانین / پالیسی نہ ہے تاہم اکتوبر 2019 میں وزیر اعظم پاکستان کی ہدایت پر وقف کمرشل اراضیات کے منافع بخش استعمال سے متعلق قانون / پالیسی کی تشکیل کے لئے وزیر قانون پنجاب کی زیر صدارت ایک کمیٹی تشکیل دی گی ہے۔اس کمیٹی نے پنجاب وقف پراپرٹیز ایڈمنسٹریشن رولز2002 میں ضروری ترامیم کی تجویز دی ہے جن کی اوقاف بورڈ سے منظوری حاصل کر لی گئی ہے ۔ان ترامیم کی مجاز اتھارٹی سے منظوری کے بعد انہیں نافذالعمل کر دیا جائے گا۔

(ب) محکمہ اوقاف کی صوبہ بھر میں کل 188 ایکڑ 5 کنال 14 مرلے کمرشل اراضی ہے جس سے سال19-2018 میں کل مبلغ -/23,61,02,987روپے آمدن ہوئی۔ (تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

## مقدس مقامات کی لائیو زیارت اورآن لائن دینی کتب کے مطالعہ سے متعلقہ تفصیلات

***3484: محترمہ مومنہ وحید:** کیاوزیراوقاف ومذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

کیا حکومت مقدس مقامات کی لائیو زیارت اور دینی کتب کا آن لائن مطالعہ کرنے کے لئے کوئی منصوبہ شروع کرنے کاارادہ ہے تو اس منصوبہ کی تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

محکمہ اوقاف و مذہبی امور میں ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف کی زیر نگرانی محکمہ ہذا کی ویب سائیٹ www.auqaf.punjab.gov.com پر بزرگان دین کی تصانیف کو اپ لوڈ کرنے کا کام جاری ہے جس کے ذریعے ان کا آن لائن مطالعہ ممکن ہو سکے گا۔ جبکہ مقدس مقامات کی لائیو زیارت کا کوئی منصوبہ سر دست زیر کارروائی نہ ہے۔

## بہاولپور شہر کی حدود میں محکمہ اوقاف کے زیر انتظام مزارات، مساجد کی تعداد اور سکیورٹی کے انتظامات سے متعلقہ تفصیلات

*3904: **جناب ظہیر اقبال:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) بہاولپور شہر کی حدود میں محکمہ اوقاف کے مزارات اور مساجد کہاں کہاں ہیں ان کے نام بتائیں اور ان کی سالانہ آمدن علیٰحدہ علیٰحدہ بتائیں؟

(ب) موجودہ مالی سال 20-2019 میں ان مزارات اور مساجد کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟

(ج) ان مساجد اور مزارات کے لئے کتنی رقم خرچ کی گئی ہے ان پر کون کون سی سہولیات میسر ہے؟

(د) ان پر کتنے ملازمین تعینات ہیں ان کی عہدہ اور گریڈ وائز تفصیل بتائیں؟

(ہ) کیا ان مساجد اور مزارات پر سکیورٹی کا انتظام ہے تو ہر مسجد اور مزار کی تفصیل اور تعینات ملازمین کے نام، عہدہ اور جہاں جہاں سکیورٹی ڈیوٹی دے رہے ہیں ان کی تفصیل بتائیں کیا پنجاب پولیس کی جانب سے بھی ان مزارات اور مساجد پر ملازمین تعینات کئے گئے ہیں تو ان کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ فراہم کریں؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) بہاولپور شہر کی حدود میں محکمہ اوقاف کے زیر تحویل 03 مزارات اور 7 مساجد ہیں جن کے نام اور سالانہ آمدن کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) بہاولپور میں ان مزار اور مساجد کے لئے مبلغ -/13952000 روپے برائے سال 20-2019 مختص ہیں تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) بہاولپور میں ان مزار اور مساجد پر مبلغ -/14938100 روپے سال 20-2019 میں خرچ کئے گئے ہیں۔ ان پر وضو خانہ، مسافر خانہ، لیٹرین، اے سی، گیس کی سہولیات موجود ہیں اور ان پر امام خطیب، موذن، سیکیورٹی گارڈز بھی تعینات ہیں نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) ان پر کل 37 ملازمین تعینات ہیں جن کی تفصیل عہدہ اور گریڈ وائز ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ) ان میں تمام مزارات اور مساجد پر سکیورٹی انتظام نہ ہیں بلکہ چند ایک اہم مساجد / مزار پر سکیورٹی گارڈز تعینات ہیں نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ تاہم محکمہ پولیس کی جانب سے تاحال کوئی ملازم تعینات نہ ہے۔

## فیصل آباد: شہر میں درباروں کی تعداد اوران سے ملحقہ دکانوں اوراراضی سے متعلقہ تفصیلات

*3983: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیاوزیراوقاف ومذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) فیصل آباد شہر کی حدود میں کون کون سے دربار کہاں کہاں ہیں ان درباروں کے نام اور مقام بتائیں؟

(ب) ان درباروں کی مالی سال 20-2019 کی آمدن بتائیں نیز یہ آمدن کس کس مد سے ہوتی ہے؟

(ج) ان درباروں کی دیکھ بھال کے لئے کتنے ملازمین تعینات ہیں ان درباروں کے انچارج صاحبان کے نام، عہدہ اور گریڈ بتائیں؟

(د) ان درباروں میں کون کون سی سہولیات میسر ہیں؟

(ہ) ان درباروں کے لئے مالی سال 20-2019 کے لئے کتنا بجٹ فراہم کیا گیا ہے؟

(و) ان درباروں سے ملحقہ دکانوں اوراراضی کی تفصیل علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائے؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) فیصل آباد شہر واقع درباروں کی فہرست تتمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان درباروں سے حاصل ہونے والی آمدن کی تفصیل تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ان درباروں میں موجود ملازمین اور انچارج صاحبان کی فہرست تتمہ (ج) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) ان درباروں پر زائرین کی سہولت کے لئے پینے کا ٹھنڈا پانی، وضو خانہ، طہارت خانہ اور برآمدہ جات زائرین کی سہولت کے لئے موجود ہیں نیز ان کی حفاظت کے لئے میٹل ڈیٹیکٹر سے چیکنگ کی سہولت بھی موجود ہے۔

(ہ) ان درباروں کے لئے مالی سال 2019-20 کے بجٹ کی تفصیل تتمہ (د) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(و) ان درباروں سے ملحقہ دوکانوں کی تفصیل تتمہ (ہ) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## فیصل آباد شہر میں محکمہ اوقاف کے زیر انتظام مساجد کی تعداد اور ان سے ملحقہ دکانوں اور اراضی سے متعلقہ تفصیلات

*3984: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) فیصل آباد شہر کی حدود میں کتنی مساجد کہاں کہاں سرکاری تحویل میں ہیں؟

(ب) ان مساجد کے لئے کتنی رقم مالی سال 2019-20 میں مختص کی گئی ہے تفصیل مسجد وار بتائیں؟

(ج) ان مساجد سے ملحقہ دکانیں اور اراضی کتنی کتنی ہے؟

(د) ان مساجد میں سے کس کس کی بلڈنگ / عمارت خستہ حال ہے؟

(ہ) ان مساجد کے لئے کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں ان کے نام، عہدہ اور گریڈ بتائیں؟

(و) ان مساجد کی عمارت کی تعمیر کے لئے کتنی رقم موجودہ مالی سال 2019-20 میں جاری کی گئی ہے؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) فیصل آباد شہر کی حدود میں محکمہ اوقاف کے زیر تحویل 17 مساجد ہیں (نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ب) ان مساجد کے لئے مالی سال 2019-20 میں مبلغ -/2,66,93,000 روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔ (تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ج) ان مساجد سے ملحقہ دکانات کی تعداد 383 ہے اور کوئی زرعی اراضی ان سے ملحقہ نہیں ہے۔

(د) فیصل آباد شہر میں جامع مسجد گجر بستی واقع عید گاہ روڈ فیصل آباد اور جامع مسجد رحمانیہ واقع سرگودھا روڈ اڈا باوا چک فیصل آباد کی بلڈنگ / عمارت خستہ حال ہے۔

(ہ) ان مساجد میں 32 ملازمین اوقاف کام کر رہے ہیں ان کے نام عہدہ اور گریڈ کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(و) ان مساجد کی عمارات کی تعمیر کے لئے مالی سال 2019-20 میں کوئی رقم جاری نہ کی گئی ہے۔

## ضلع گوجرانوالہ میں اوقاف کی زرعی اراضی سے حاصل آمدن سے متعلقہ تفصیلات

***4150: جناب امان اللہ وڑائچ:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع گوجرانوالہ میں محکمہ اوقاف کی کتنی اراضی کہاں کہاں واقع ہے اس سے کتنی آمدن ہو رہی ہے اس اراضی میں سے کتنی لیز پر ہے اوراس سے کتنی آمدن ہو رہی ہے مکمل تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ اوقاف ضلع گوجرنوالہ میں بہت ساری اراضی پر ناجائز قابضین ہیں یہ کب سے قابض ہیں ان کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے اور زمین واگزار کیوں نہیں کروائی گئی اس میں کیا امر مانع ہے تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) ضلع گوجرانوالہ میں محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی تحویل میں 492 ایکڑ 3 کنال 04 مرلے 110 مربع فٹ اراضی ہے جس میں سے 491 ایکڑ 4 کنال 16 مرلے

زرعی اور 6 کنال 8 مرلے 110 مربع فٹ کمرشل ہے (نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔ اس اراضی میں سے زرعی اراضی تعدادی 491 ایکڑ 16 مرلے سال 19-2018 کے لئے لیز پر دی گئی ہے جس سے مبلغ -/1,50,14,736 روپے آمدن ہوئی۔

(ب) محکمہ اوقاف ضلع گوجرانوالہ کی وقف اراضی تعدادی 54 ایکڑ 3 کنال 14 مرلے 254 مربع فٹ پر ناجائز قبضہ تھا اس میں سے 42 ایکڑ 7 کنال 14 مرلے رقبہ ناجائز قابضین سے واگزار کروالیا گیا ہے باقی ماندہ تعدادی 11 ایکڑ 4 کنال 254 مربع فٹ میں سے 06 ایکڑ 7 کنال 08 مرلے پر سرکاری ادارے قابض ہیں اور 4 ایکڑ 2 کنال 14 مرلے 254 مربع فٹ پر مکانات تعمیر شدہ ہیں اور 1 کنال 18 مرلے رقبہ زیر مقدمہ ہے۔ (نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

## لاہور: داتا دربار مردانہ زائرین کے راستہ میں فقیر اور دیگر جرائم پیشہ لوگوں کی موجودگی سے متعلقہ تفصیلات

***4630: چودھری اختر علی:** کیا وزیر اوقاف ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ داتا دربار لاہور میں سلام کے لئے آنے والے زائرین مرد و خواتین کے لئے علیحدہ علیحدہ راستے بنائے گئے ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ مرد زائرین کے لئے جو راستہ دربار شریف کے احاطہ میں جانے کے لئے بنایا گیا ہے اس میں متعدد فقیر اور دیگر افراد ہر وقت کھڑے رہتے ہیں ان کو اس دربار پر تعینات غیر متعلقہ سکیورٹی ملازمین سمیت انتظامی افسران کی سرپرستی حاصل ہوتی ہے اسی طرح کے حالات خواتین کے انٹری پوائنٹ کی ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ ان جگہوں پر روزانہ متعدد زائرین کی جیب کاٹی جاتی ہے اور ان کو نقدی سمیت دیگر سامان سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے خواتین اور بچے اغواء ہو رہے ہیں؟

(د) اس بابت محکمہ ایڈمنسٹریٹر اوقاف اور CEO اوقاف کیا ایکشن لے گا تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) درست ہے کہ انتظامی امور کے تحت دربار حضرت داتا گنج بخشؒ لاہور پر زائرین کی آمد کے گیٹ نمبر 4,1 اور 5 مرد حضرات کے لئے مختص ہیں جبکہ گیٹ نمبر 02 صرف خواتین کے لئے مختص کیا گیا ہے۔

(ب) درست نہ ہے۔ دربار حضرت داتا گنج بخشؒ لاہور پر تمام جگہوں پر کیمرہ جات نصب ہیں جن سے تمام پوائنٹس کی مانیٹرنگ کی جاتی ہے ہر ڈیوٹی منیجر اپنی شفٹ میں کم از کم تین مرتبہ دربار شریف کا راؤنڈ لگاتے ہیں جس میں بھکاریوں اور جیب تراشوں پر کڑی نظر رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں دربار شریف پر سکیورٹی کا عملہ تین شفٹوں میں ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے اور انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ دربار شریف کی لابیز میں بالخصوص کسی بھی بھکاری کو ہرگز نہ کھڑ ہونے دیا جائے مزید یہ کہ دربار شریف پر محکمہ پولیس کی جانب سے 01 ڈی ایس پی سکیورٹی تعینات ہے جبکہ دیگر پوائنٹس پر شفٹ انچارج کے علاوہ گیٹوں پر بھی پولیس کا عملہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ دربار شریف پر کوئی بھی بھکاری نہ تو انٹر ہو سکے اور نہ کسی ایسے شخص کو دربار شریف میں کھڑے رہنے کی اجازت دے۔

(ج) درست نہ ہے دربار شریف کے ہر پوائنٹ پر کیمرہ کی نظر ہوتی ہے مانیٹرنگ کے لئے پولیس کی نفری تعینات ہے علاوہ ازیں داتا دربار کا سکیورٹی عملہ بھی بڑی تندہی سے ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے جیب تراشی کی کسی قسم کی کوئی شکایت موصول نہ ہو رہی ہے نیز کرونا وائرس کی وجہ سے زائرین کی بہت محدود تعداد دربار شریف پر حاضری کے لئے آرہی ہے جہاں تک خواتین اور بچوں کے اغوا کا تعلق ہے تو یہ حقیقت کے بالکل بر عکس ہے ایسا کوئی واقعہ زون ہذا میں رونما نہ ہوا ہے۔

(د) دربار حضرت داتا گنج بخشؒ لاہور پر زائرین کی بڑھتی تعداد اور انتظامی امور کے پیش نظر 2010 میں علیحدہ علیحدہ انٹری پوائنٹس مقرر کئے گئے تھے تاکہ مرد و خواتین کو دربار شریف پر حاضری میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہو، دربار شریف کے گیٹ نمبر 01 کے باہر پولیس ملازمین و سکیورٹی عملہ تعینات ہے جنہیں بھکاریوں کو اندر داخلہ سے منع کرنے کی سخت ہدایات دی گئی ہیں جبکہ گیٹس سے اندر پولیس کا عملہ اور سکیورٹی داتا دربار اس بات

پر کڑی نظر رکھتی ہے کہ کسی بھی پوائنٹ پر کوئی بھی شخص زائرین کی شکل میں داخلہ کے بعد بھی اندر بھیک نہ مانگ سکے ان مقامات پر سکیورٹی کیمرہ جات سے بھی مانیٹرنگ کی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے ڈیوٹی پر تعینات عملہ بھی چوکس ہو کر ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے تاکہ کسی قسم کی کوتاہی نہ ہو۔ دربار شریف پر سکیورٹی سخت ہونے کی بنا پر اکا دکاء کبھی کبھار جیب تراشی کی شکایات موصول ہوتی ہے تو فوری طور پر سکیورٹی کیمرہ جات سے جیب تراش کی شناخت کرتے ہوئے جیب تراشی کا مقدمہ درج کروایا جاتا ہے اور داتا دربار انتظامیہ کی جانب سے مکمل پیروی کی جاتی ہے (نقل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

## منڈی بہاؤالدین: اوقاف کی بلڈنگ کے ساتھ کرایہ داری یونٹس اوران سے حاصل کردہ کرایہ سے متعلقہ تفصیلات

*4945: **محترمہ فائزہ مشتاق:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع منڈی بہاؤالدین میں محکمہ اوقاف کی کتنی بلڈنگز کے ساتھ کرایہ داری یونٹس واقع ہیں؟

(ب) ان کرایہ داری یونٹس سے محکمہ کو ماہانہ کتنا کرایہ وصول ہوتا ہے اور سالانہ کتنی رقم وصول ہوتی ہے سال 2018اور 2019 میں کتنی رقم وصول ہوئی تھی؟

(ج) ان کرایہ داری یونٹس میں سے کتنے یونٹس میں کرایہ دار ناجائز قابض ہیں ان کے خلاف حکومت کیا کارروائی کر رہی ہے؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) ضلع منڈی بہاؤالدین میں محکمہ اوقاف کی 2مساجد اور ایک مزار کے ساتھ درج ذیل کرایہ داری یونٹس واقع ہیں۔ (تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

i۔ مرکزی جامع مسجد منڈی بہاؤالدین 48یونٹس

ii۔ جامع مسجد اہل سنت والجماعت ملکوال 18یونٹس

iii۔ دربار حضرت اعتبار شاہ قادر آباد 09یونٹس

(ب) ان کرایہ داری یونٹس سے سال 2018 (جنوری 2018 تا دسمبر 2018) میں مبلغ -/38,31,315 روپے اور سال 2019 (جنوری 2019 تا دسمبر 2019) میں مبلغ -/38,52,512 روپے وصول ہوئے۔(تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔ چونکہ اب کرایہ کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق بڑھا دیا گیا ہے اس لئے ان کرایہ داری یونٹس سے محکمہ اوقاف کو ماہانہ مبلغ -/6,95,520 روپے اور سالانہ مبلغ -/83,46,240 روپے کی وصول ہوں گے۔

(ج) ان کرایہ داری یونٹس پر کوئی ناجائز قابض نہ ہے۔

## منڈی بہاؤالدین: محکمہ اوقاف کے زیر انتظام مزارات اوران سے حاصل آمدن سے متعلقہ تفصیلات

**4946*: محترمہ فائزہ مشتاق:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع منڈی بہاؤالدین میں کتنے مزارات محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام ہیں؟

(ب) ان مزارات سے 19-2018 میں کتنی آمدنی ہوئی اور کتنی رقم خرچ کی گئی تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) ضلع منڈی بہاؤالدین میں 7 مزارات محکمہ اوقاف کے زیر انتظام ہیں۔(تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ب) ان مزارات سے سال 19-2018 میں محکمہ اوقاف کو مبلغ -/2,08,27,523 روپے آمدن ہوئی جبکہ ان کے مبلغ -/31,73,235 روپے کے اخراجات ہوئے۔(تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

## ضلع اوکاڑہ:۔ محکمہ اوقاف کے تحت دربار، مساجد سے ملحقہ زرعی اراضی اور دکانوں سے گزشتہ دو سالوں سے حاصل آمدن و اخراجات سے متعلقہ تفصیلات

**5104*: جناب منیب الحق:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ اوقاف کے تحت ضلع اوکاڑہ میں کون کون سے دربار اور مساجد ہیں؟

(ب) ان دربار اور مساجد سے ملحقہ زرعی اراضی ، دکانیں اور دیگر کون کون سی پراپرٹی ہے دربار اور مسجد وار تفصیل دی جائے؟

(ج) ان درباروں اور مساجد کی نگرانی کے لئے کتنے ملازمین کس عہدہ اور گریڈ میں کام کر رہے ہیں؟

(د) ان درباروں اور مساجد کی سال 19-2018 اور 20-2019 کی آمدن و اخراجات بتائیں؟

(ہ) ان درباروں، مزارات اور مساجد پر نمازیوں اور زائرین کے لئے کیا کیا سہولیات میسر ہیں؟

(و) ان درباروں اور مساجد پر ان دو سالوں کے دوران کتنی رقم کس کس کام پر خرچ کی گئی ہے؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) محکمہ اوقاف ضلع اوکاڑہ کی تحویل میں 11 مزارات ، 03 مساجد علیحدہ اور 2 مساجد درباروں سے ملحق ہیں جن کی تفصیل "Annex A" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) محکمانہ تحویل میں مزارات سے ملحقہ زرعی رقبہ 170 ایکڑ 2 کنال 18 مرلے ہے جبکہ ان مزارات و مساجد کے ساتھ 156 دکانات اور 68 سکنی یونٹس ہیں۔ تفصیل "Annex B" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ان درباروں اور مساجد کی نگرانی کے لئے کل 18 منظور شدہ اسامیوں پر 15 ملازمین اپنے فرائض کی انجام دہی کر رہے ہیں جبکہ 3 اسامیاں خالی ہیں جن کی تفصیل بر "Annex C" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) ان مزارات اور مساجد سے سال 19-2018 میں مبلغ -/37919123 روپے اور سال 20-2019 میں مبلغ -/28098190 روپے کی آمدن ہوئی۔ جبکہ سال 19-2018 میں اخراجات مبلغ -/9465731 روپے اور سال 20-2019 میں مبلغ -/8793338 روپے کے اخراجات ہوئے جن کی مدوار تفصیل بر "Annex D" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ) ان مزارات اور مساجد پر تمام بنیادی سہولتیں میسر ہیں۔ زائرین کے پینے کے لئے ٹھنڈے پانی کے واٹر کولر، وضو کے لئے وضو خانے، طہارت خانے اور زائرین کے

ٹھہرنے و آرام کے لئے سرائے ملحقہ دربار حضرت سید محمد غوثؒ المعروف بالا پیرؒ اوکاڑہ اور برآمدہ جات وغیرہ میسر ہیں۔

(و) سال19-2018 اور سال20-2019 میں مبلغ -/10997000 روپے مزارات اور مساجد پر خرچ کئے گئے جن کی تفصیل بر "Annex E" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## ضلع اوکاڑہ: پی پی۔189 میں محکمہ اوقاف کی جائیداد اور ذرائع آمدن سے متعلقہ تفصیلات

***5106: جناب منیب الحق:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پی پی۔189 اوکاڑہ اور ضلع اوکاڑہ میں محکمہ اوقاف کی کتنی اراضی، دکانیں اور دیگر پراپرٹی ہے تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) اس ضلع میں محکمہ ہذا کے تحت کتنے ملازمین عہدہ اور گریڈ میں کام کر رہے ہیں اس ضلع میں محکمہ کے کتنے دفاتر ہیں؟

(ج) ضلع بھر میں محکمہ کی کتنی اراضی و دکانوں وشہری پراپرٹی پر لوگوں نے ناجائز قبضہ کر رکھا ہے؟

(د) کتنی اراضی سال20-2019 میں ناجائز قابضین سے واگزار کروائی گئی ہے؟

(ہ) اس ضلع میں محکمہ کی آمدن سالانہ کتنی ہے کس کس جگہ سے اور ذرائع سے آمدن ہوتی ہے آمدن میں اضافہ کے لئے محکمہ کیا اقدامات اٹھا رہا ہے؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) حلقہ پی پی۔189 میں محکمہ اوقاف کی تحویل میں 130 کمرشل اور 51 سکنی یونٹس ہیں۔ تفصیل "Annes A" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ ضلع اوکاڑہ میں محکمہ اوقاف کی تحویل میں 607 ایکڑ 6 کنال 10 مرلے زرعی اراضی ہے جبکہ کل کمرشل یونٹس کی تعداد 156 اور سکنی یونٹس کی تعداد 68 ہے۔ تفصیل "Annes B" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع اوکاڑہ میں محکمہ اوقاف کا صرف ایک ہی دفتر ہے ضلع اوکاڑہ میں کل 27 منظور شدہ اسامیاں ہیں جن میں سے 5 اسامیاں اس وقت خالی ہیں اور 22 ملازمین اپنے فرائض کی انجام دہی کر رہے ہیں جن کی تفصیل بر "Annex C" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع اوکاڑہ میں کسی شہری جائیداد پر کوئی ناجائز قبضہ نہ ہے تاہم زرعی رقبہ جات میں کل 169 کنال 9 مرلے رقبہ پر ناجائز قبضہ جات ہیں۔ تفصیل بر "Annex D" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) سال 20-2019 میں کل رقبہ 15 کنال 1 مرلہ پر سے بتفصیل ذیل ناجائز تجاوزات کا خاتمہ کیا گیا۔

1) دربار حضرت غوث بالا پیر 02 کنال 5 مرلے

2) دربار حضرت باباشاہ بھور 02 کنال

3) دربار حضرت اسماعیل سدھارن 10 کنال 16 مرلے

(ہ) سال 19-2018 میں آمدن مبلغ -/37919123 روپے جبکہ سال 20-2019 میں آمدن -/28098190 روپے ہوئی جس کی مدوار تفصیل بر "Annex E" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ آمدن میں اضافہ کے لئے جملہ کرایہ جات کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق فکس کیا گیا ہے جس سے محکمہ کی آمدن میں خطیر اضافہ متوقع ہے۔ علاوہ ازیں انتظامی اقدامات کے ذریعے آمدن کیش بکسز میں اضافہ اور زرپٹہ کی شرح بڑھانے کے لئے مختلف النوع اقدامات صوبائی سطح پر اٹھائے جا رہے ہیں۔

## صوبہ میں مزارات کے سکیورٹی گارڈز کو تنخواہوں کی ادائیگی نہ کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*5245: **محترمہ اسوہ آفتاب:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر کے مزارات کے 2 سو 80 سکیورٹی گارڈ پانچ ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں؟

(ب) ان سکیورٹی گارڈ کو تنخواہیں ادا نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) میسرز اے جے سیکورٹی سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کے سیکورٹی گارڈز کو ماہ جولائی 2020 تک ادائیگی کی جاچکی ہے جس کا ادائیگی سرٹیفکیٹ کی کاپی تتمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ جبکہ ماہ اگست اور ستمبر 2020 کا سیکورٹی بل تاحال موصول نہ ہوا ہے۔

(ب) مذکورہ سیکورٹی کمپنی سے بل تاخیر سے موصول ہونے کی وجہ سے سیکورٹی گارڈز کو ادائیگی بروقت نہ ہوتی ہے۔ کمپنی سے طے شدہ معاہدہ کی شق نمبر 10 کے مطابق، کمپنی اپنے سیکورٹی گارڈز کو تنخواہ ادا کرنے کی مکمل ذمہ دار ہے۔

## تحصیل صادق آباد میں محکمہ اوقاف کے زیر کنٹرول مزارات کی تعداد، تعینات عملہ اور سہولیات سے متعلقہ تفصیلات

*6330: **جناب ممتاز علی:** کیا وزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) تحصیل صادق آباد میں محکمہ کے زیر کنٹرول مزارات کی تعداد، نام اور جگہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) ہر مزار پر تعینات حکومتی عملہ کی تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) ان مزارات پر زائرین کے لئے فراہم کردہ سہولیات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) تحصیل صادق آباد ضلع رحیم یار خان میں محکمہ اوقاف کے زیر تحویل 2 مزارات ہیں جو کہ موضع سرواہی، سنجرپور میں واقع ہیں جن کے نام درج ذیل ہیں۔

i۔ دربار حضرت اکرم شاہ جیلانیؒ المعروف عراقی پیر
موضع سرواہی، سنجرپور، تحصیل صادق آباد

ii۔ دربار حضرت پیر موسیٰ نواب، سنجرپور، تحصیل صادق آباد

(ب) ہر مزار پر حکومت کی جانب سے ایک ایک نگران تعینات ہے۔

(ج) مزار پر آنے والے زائرین کے لئے محکمہ کی جانب سے مسافر خانہ تعمیر شدہ ہے۔ وضوخانہ اور واش روم کی بھی سہولت موجود ہے۔ مزید یہ کہ زائرین کو ہر ممکن سہولت دی جاتی ہے۔

## صوبہ بھر میں اوقاف کے دفاتر، مساجد اور درگاہوں میں خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*6790: **جناب محمد الیاس:** کیاوزیر اوقاف و مذہبی امور ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) اس وقت صوبہ بھر کے دفاتر، مساجد اور درگاہوں میں ملازمین کی کل کتنی اسامیاں اور کتنی مدت سے خالی ہیں؟

(ب) خالی اسامیاں پُر کرنے کا کیا طریق کار ہے اور کتنی مدت کے بعد خالی اسامیوں کا اشتہار دیا جاتا ہے؟

(ج) اگر متعدد سیٹیں خالی ہیں تو ان اسامیوں پر کب تک بھرتیاں کر دی جائیں گی؟

**وزیر اوقاف و مذہبی امور** (سید سعید الحسن):

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں پنجاب اوقاف آرگنائزیشن کے دفاتر، مساجد، درگاہوں میں مختلف کیٹیگری کی 374 اسامیاں کافی عرصہ سے خالی ہیں۔

(ب) خالی اسامیاں درج ذیل دو طریق کار سے کنٹریکٹ پالیسی 2004 اور ریکروٹمنٹ پالیسی 2003 کے تحت کی جاتی ہیں۔

i۔ سکیل نمبر 1 تا 15 بذریعہ محکمانہ طور پر

ii۔ سکیل نمبر 16 یا اس سے اوپر بذریعہ پنجاب پبلک سروس کمیشن کی جاتی ہیں۔

سکیل نمبر 1 تا 15 تک اسامیوں پر بھرتی پر پابندی عائد ہے جبکہ پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذمرہ میں آنے والی اسامیوں پر پابندی نہ ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے بھرتی پر پابندی عائد ہے، پابندی ختم ہونے کے بعد بذریعہ اخبار اشتہار خالی اسامیاں مشتہر کی جائیں گی۔ مزید بر آں سکیل نمبر 16 اور اس سے اوپر والی اسامیوں پر تقرری کے لئے پنجاب پبلک سروس کمیشن کو تحریر کیا جارہا ہے۔

(ج) حکومت پنجاب کی جانب سے بھرتی پر پابندی عائد ہے۔ حکومت پنجاب کی منظوری کے بعد ان اسامیوں پر بھرتی کر دی جائے گی۔

**پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ اوقاف و مذہبی امور** (جناب تیمور علی لالی): جناب چیئرمین! کل ہمارے ڈیپارٹمنٹ سے متعلقہ ایک تحریک التوائے کار آئی تھی تو میرے خیال میں وہ تحریک التوائے کار پڑھی جاچکی ہے کیونکہ مجھے ابھی اس کی کاپی ملی ہے۔

**جناب چیئرمین:** پارلیمانی سیکرٹری صاحب! اگر آپ کی تحریک التوائے کار ایجنڈے پر ہو گی تو آجائے گی لہٰذا آپ صبر فرمائیں۔

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ!

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں آپ کی اجازت سے دو باتیں کرنا چاہوں گی۔ ایک تحریک استحقاق نمبر 21/23 جمع کراوئی تھی۔ ہیڈ مسٹریس نائلہ گجر ہائر سیکنڈری سکول کی جو کہ pending ہوگئی تھی کیونکہ اس میں rangers word آ گیا تھا۔ میں نے اس کو countercheck کیا ہے، اس کا رینجرز سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ پنجاب گورنمنٹ کا سکول ہے تو میں آپ سے request کروں گی کہ اس تحریک استحقاق کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کریں تاکہ اس پر باقاعدہ کارروائی کی جاسکے۔

**جناب چیئرمین:** محترمہ! یہ تحریک استحقاق ایجنڈے پر موجود نہیں ہے جب وہ ایجنڈے پر آئے گی تو پھر انشاءاللہ ضرور اس کو دیکھ لیں گے۔

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** جناب چیئرمین! دوسرا اوقاف کے حوالے سے میری observation ہے کیونکہ اوقاف سے متعلقہ باتیں ہو رہی تھیں تو میں محکمہ اوقاف کو appreciate کرنا چاہوں گی۔ مجھے دو، تین دن پہلے داتا دربار جانے کا اتفاق ہوا۔ آپ یقین کریں کہ جہاں پر ہم جوتے جمع کرواتے ہیں سالہا سال سے وہاں پر عجیب تماشا دیکھنے کو ملتا تھا، پیسے بٹورنے لوگوں کو ہراساں کرنا، خواتین کو مجبور کرنا 10 روپے کی جگہ 100 روپے لینا تو مجھے بہت خوشی ہوئی کہ وہاں پر سسٹم بدل گیا ہے۔ اب وہاں پر رضاکارانہ سسٹم بن گیا ہے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**جناب چیئرمین:** محترمہ! جی، اچھا ہو گیا ہے۔ اب ہم توجہ دلاؤ نوٹس لیتے ہیں۔ پہلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 843 چودھری افتخار حسین چھچھر کا ہے۔ وہ اسے پیش کریں۔

### پاکپتن میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے دو افراد جاں بحق اور رقم لوٹنے سے متعلقہ تفصیلات

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** کیا وزیر اعلیٰ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مورخہ 30۔ جون 2021 کو محمد ارشد اور ناصر شہزاد نامی شہری کو پاکپتن میں ڈاکوؤں نے فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا اور ایک زخمی کر کے 50 لاکھ روپے لوٹ کر فرار ہو گئے؟

(ب) کیا اس وقوعہ کا مقدمہ درج ہوا ہے اگر ہاں تو اس کی تفتیش کی موجودہ صورتحال سے آگاہ فرمائیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! شکریہ۔ یہ درست ہے کہ یہ واقعہ رونما ہوا ہے جس پر مقدمہ نمبر 21/238 مورخہ 29-06-2021 بجرم 302/394 ت پ تھانہ فرید نگر درج ہوا۔ اس مقدمہ کے اندراج کے بعد دوران تفتیش 7 ملزمان trace ہوئے، جن میں 4 ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں اور 3 ملزمان کی گرفتاری ابھی نہیں ہوئی۔ اس مقدمے میں recovery بھی کر لی گئی ہے اور جو ملزمان ابھی تک گرفتار نہیں ہوئے 20-09-2021 کو انہیں اشتہاری قرار دیا گیا اور بعد میں ان کے خلاف 87/88 کی کارروائی 22-09-2021 کا تحرک بھی کر دیا گیا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، چھچھر صاحب! کیا آپ اس پر کوئی بات کرنا چاہیں گے؟

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین! نہیں۔ شکریہ۔ I am satisfied.

**جناب چیئرمین:** اگلا توجہ دلاؤنوٹس جناب شجاعت نواز کا ہے وہ موجود نہیں لہٰذا ان کے توجہ دلاؤنوٹس نمبر 851 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا توجہ دلاؤنوٹس جناب ارشد ملک کا ہے۔ وہ اسے پیش کریں۔

## لاہور: وحدت کالونی 85۔ ایچ کے رہائشی کے گھر چوری کی سنگین واردات سے متعلقہ تفصیلات

**جناب محمد ارشد ملک:** کیا وزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ روزنامہ "دنیا" مورخہ 24۔ جولائی 2021 کی خبر کے مطابق وحدت کالونی لاہور کوارٹر نمبر H-85 کے رہائشی کے گھر سے چور 16 تولے سونا، 50 ہزار روپے کیش اور 42 انچ LED چوری کر کے لے گئے اس بابت تھانہ وحدت کالونی لاہور میں مقدمہ نمبر 21/702 درج ہوا ہے؟

(ب) اس مقدمہ میں کوئی ملزم Trace ہوا ہے تو اس کی تفصیل دی جائے اگر کوئی ملزم گرفتار نہیں ہوا تو اس کی وجوہات بتائیں نیز اس مقدمہ کی تفتیش اور موجودہ صورتحال سے آگاہ فرمائیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! یہ درست ہے کہ یہ واقعہ رونما ہوا ہے۔ اس بابت مقدمہ نمبر 702 مورخہ 2021-07-23 زیر دفعہ 457/280 تھانہ وحدت کالونی رجسٹرڈ درج ہوا۔ اس واقعہ میں ابتدائی طور پر انویسٹی گیشن کی گئی، finger prints بھی لئے گئے ہیں اور کچھ مشکوک افراد کو بھی شامل تفتیش کیا گیا ہے۔ میرے پاس ان لوگوں کے ناموں کی لسٹ موجود ہے جن کو ہم نے شامل تفتیش کیا ہے۔ میں یہ مناسب نہیں سمجھتا کہ ایوان میں ان لوگوں کا نام لیا جائے۔ بہرحال میں معزز رکن کے ساتھ شیئر کر لوں گا کہ یہ یہ لوگ شامل تفتیش ہیں اور ان سے تفتیش کی جارہی ہے اور جیسے ہی تفتیش مکمل ہوگی انشاءاللہ تفتیش کو یکسو کر کے چالان عدالت میں پیش کیا جائے گا۔ اس مقدمہ میں کچھ لوگوں کو ہم نے شامل تفتیش کیا ہوا ہے جس کی تفصیل میں معزز ممبر کے ساتھ شیئر کر لوں گا۔

**جناب چیئرمین:** جی، جناب محمد ارشد ملک!

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! میں محترم وزیر قانون سے یہ گزارش کروں گا کہ جن کے گھر یہ چوری کا واقعہ ہوا ہے نوید صاحب جو کہ اسی ایوان میں ڈیوٹی سر انجام دیتے ہیں ان کی بیٹی کے جہیز کا سامان تھا۔ 24۔ جولائی کو یہ وقوعہ ہوا ہے آپ دیکھیں کہ کل سے اکتوبر شروع ہونے والا ہے۔ میری یہ submission ہے کہ میرے Call Attention Notice کو کسی کے سپرد کر دیں کیونکہ نوید صاحب ہماری اسمبلی میں ہی ڈیوٹی سر انجام دیتے ہیں یہ ان کا معاملہ ہے۔

**جناب چیئرمین:** ملک صاحب! راجہ صاحب نے آپ کو assurance دی ہے تو آپ کو مطمئن ہو جانا چاہئے تھا لیکن آپ سپیکر صاحب سے کوئی ruling لیں گے کہ آپ کا تمام بزنس کسی کمیٹی کے سپرد کر دیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ معزز رکن میرے انتہائی قابل احترام بھائی ہیں۔ اب ایک فوجداری مقدمہ درج ہوا ہے، تفتیش ہو رہی ہے اور اس کے لئے ایک سپیشل ٹیم بھی تشکیل دے دی گئی ہے اور ملزمان کو زیر تفتیش بھی رکھا گیا ہے۔ میں یہ بھی عرض کر رہا ہوں کہ معزز ممبر کے ساتھ میں نام بھی شیئر کر لوں گا اور جس طرح انہوں نے فرمایا ہے کہ مدعی کا تعلق اس اسمبلی سے ہے تو ان کی میرے ساتھ بھی ملاقات ہوئی ہے مجھے بھی ان کے ساتھ ہمدردی ہے تو یہ کس کے سپرد تفتیش کرنا چاہتے ہیں۔ میں نے 18-08-2021 کو ڈی ایس پی (CIA) کو یہ تفتیش دی ہے اور انشاءاللہ تعالیٰ اس میں برآمدگی بھی ہوگی اور مجرمان گرفتار بھی ہوں گے۔ فوجداری مقدمات کو کسی کے سپرد نہیں کیا جا سکتا لہٰذا ہم نے اس کیس کو پولیس کے ہی سپرد کرنا ہے اور پولیس نے ہی تفتیش کرنی ہے اور انشاءاللہ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم ضرور ملزمان کو گرفتار کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** جی، انشاءاللہ۔ اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 858 بھی چودھری افتخار حسین چھچھر کا ہے وہ اسے پیش کریں۔

## اوکاڑہ: منڈی احمد آباد میں 6 سالہ بچے کا زیادتی کے بعد قتل سے متعلقہ تفصیلات

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** کیا وزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ منڈی احمد آباد ضلع اوکاڑہ میں محلہ کریم آباد کے رہائشی اعجاز احمد ڈھڈی کے 6 سالہ بچے کو جنسی زیادتی کے بعد قتل کر دیا گیا جس کی نعش جوار کی فصل سے بر آمد ہوئی؟

(ب) اس سفاکانہ قتل کے سلسلہ میں اب تک کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے اس بارے تفصیل سے آگاہ فرمائیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب سپیکر! درست ہے کہ یہ واقعہ رونما ہوا اور اس واقعہ کا مقدمہ نمبر 21/266 مورخہ 21-07-26 بجرم 363 ت پ تھانہ منڈی احمد آباد درج ہوا، دوران تفتیش اب تک 52 مشتبہ اشخاص کو شامل تفتیش کیا گیا ہے ان میں سے 13 مشتبہ لوگوں کا DNA ٹیسٹ کرایا گیا ہے، 14 کا polygraph test کرایا گیا ہے لیکن ابھی تک 4 افراد کا polygraph test کا رزلٹ نہیں ملا اور وہ awaited ہے۔ ضلع اوکاڑہ میں ہمارے پاس جو professional officers ہیں ان پر مشتمل ٹیم ترتیب دی ہے جس میں ایس ایچ او تھانہ سٹی دیپالپور، ایس ایچ او تھانہ چورستہ میاں خاں، ایس ایچ او تھانہ حجرہ شاہ مقیم، ایس ایچ او تھانہ منڈی احمد آباد اور انچارج CIA دیپالپور ہیں۔ یہ ٹیم ملزمان کو تلاش کرنے کی کوشش کر رہی ہے لیکن ابھی تک کسی کو نامزد کر کے گرفتار نہیں کیا، کوشش جاری ہے اور انشاءاللہ جلد ملزمان تک پہنچ جائیں گے۔

**جناب چیئرمین:** جی، چودھری افتخار حسین چھچھر!

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے معزز لاء منسٹر صاحب کی توجہ چاہوں گا کہ یہ بڑا سنگین واقعہ ہوا ہے اور اسے دو ماہ گزر گئے ہیں۔ راجہ صاحب نے جو بیان کیا ہے میں پولیس کی efforts سے deny نہیں کرتا لیکن دو مہینے گزرنے کے بعد آج تک رزلٹ صفر ہے اور اس میں کوئی مثبت پیش رفت نہیں ہے۔ ابھی لاء منسٹر صاحب نے جن ایس ایچ اوز کا ذکر کیا ہے اس سلسلے میں میری humble request ہو گی کہ اجلاس کے بعد ذرا اس کمیٹی کو چیک کریں چونکہ ہمارے ضلع میں تو ہر ہفتے بعد ایس ایچ او تبدیل ہوتا ہے۔ اب پتا نہیں اس کمیٹی

میں کون سے ایس ایچ اوز شامل ہیں۔یہ خاندان کا اکلوتا بچہ تھا اس کا باپ ساری عمر سعودیہ میں کام کرتا رہا ہے اور ابھی پاکستان واپس آیا ہے۔پوری فیملی کا ایک ہی چھ سال کا بچہ تھا۔اب اس میں افسوس اور دکھ والی بات ہے کہ جس دن یہ وقوعہ ہوا میڈیا، سوشل میڈیا اور ہمارے علاقے میں شدید غم و غصہ تھا اس دن وزیر اعلیٰ سردار عثمان بزدار صاحب اوکاڑہ گئے ہوئے تھے۔۔۔

**جناب چیئرمین:** چھچھر صاحب! آپ کا پوائنٹ آ گیا ہے لاء منسٹر صاحب نے جواب بھی دے دیا ہے۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب سپیکر!ایک منٹ میری request سن لیں یہ بہت important معاملہ ہے اور اس سے اہم واقعہ تو کوئی نہیں ہو سکتا۔اس ماں سے پوچھیں، اس باپ سے پوچھیں، ہم نے ان کو دینا کچھ نہیں ہے لیکن مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ اس دن شاید وزیر اعلیٰ صاحب ہمارے ضلع میں موجود تھے اگر پانچ منٹ کے لئے اس گھر میں چلے جاتے تو ان کی اشک شوئی ہو جاتی۔آر پی او صاحب ساہیوال، منڈی احمد آباد تشریف لائے ہیں لیکن انہوں نے اتنا مناسب نہیں سمجھا کہ وہ لواحقین کی حوصلہ افزائی کر لیتے۔راجہ صاحب سے میری استدعا ہے کہ ہم فوجداری معاملات میں interference نہیں کر سکتے لیکن آپ بطور وزیر قانون اپنا supervisory role رکھیں چونکہ یہ بہت اہم کیس ہے۔ہم سب بچوں والے ہیں جس کیفیت سے وہ ماں باپ اور فیملی گزر رہی ہے ہم ان کی کیفیت کو جان سکتے ہیں۔بس میں اتنا چاہتا ہوں کہ راجہ بشارت صاحب اسے اپنی نگرانی میں چیک کریں اور دیکھتے رہیں۔بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** بچوں سے زیادتی کے بارے میں پورا ہاؤس ہی touchy ہے۔لاء منسٹر صاحب میری suggestion ہے کہ اجلاس کے بعد آپ چھچھر صاحب سے متعلقہ پولیس افسران کی ملاقات کروا دیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جی، ٹھیک ہے۔

**جناب چیئرمین:** اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 859 محترمہ ثانیہ عاشق جبیں کی طرف سے ہے۔ محترمہ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس توجہ دلاؤ نوٹس کو dispose of کیا جاتا ہے۔اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 860 جناب محمد ارشد ملک کی طرف سے ہے۔جی، ملک صاحب!

## ساہیوال: میں ڈکیتی کی واردات سے متعلقہ تفصیلات

**جناب محمد ارشد ملک:** شکریہ جناب چیئرمین! کیا وزیر اعلیٰ ازراہ کرم بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مورخہ 29۔جولائی 2021 تمام ٹی وی چینلز کی خبروں اور ہیڈ لائن کے مطابق ساہیوال شہر کے مشہور و معروف عارف والا چوک میں دن دہاڑے ڈاکو اسلحہ کے زور پر لوٹ مار کرتے رہے، متعدد دکانداروں اور لوگوں سے لاکھوں روپے لوٹ کر لے گئے اور متعلقہ پولیس کو کانوں کان خبر تک نہ ہوئی، منظور کالونی مدثر کریانہ سٹور کے مالک کو بھی زدو کوب کیا گیا اور اس سے لاکھوں روپے لے کر فرار ہو گئے۔

(ب) اس واقعہ کی مکمل تفصیلات اور پولیس کی کارروائی سے آگاہ فرمائیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں اس میں تھوڑی سی وضاحت کرنا چاہوں گا کہ جس طرح ملک صاحب نے فرمایا ہے اس میں جگہ کے حوالے سے تھوڑا سا تضاد پایا جا رہا ہے۔توجہ دلاؤ نوٹس موصول ہونے کے بعد جب ریکارڈ کی پڑتال کی گئی تو یہ پایا گیا کہ مورخہ 29 جولائی 2021 تمام ٹی وی چینلز کی خبروں کے متعلق بروئے رپورٹ ایس ایچ او تھانہ غلہ منڈی اور ریکارڈ کالز 15 کے سلسلے میں تحریر ہے کہ مورخہ 29-07-21 کو عارف والا چوک اور گردونواح سے کوئی واقعہ تھانہ ہذا میں رپورٹ ہوا ہے اور نہ ہی عارف والا چوک کے گردونواح میں کسی شخص نے اس وقوعہ کے سرزد ہونے کی تصدیق کی ہے جبکہ 15 کالز کا ریکارڈ بھی چیک کیا گیا ہے جس میں ایسی کسی اطلاع یا وقوعہ کی تصدیق نہ ہوئی ہے۔مزید برآں تحریر ہے کہ مورخہ 25-07-21 سے لے کر 29-07-21 تک اس قسم کی دو وارداتیں ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔ پہلی واردات جو 25-07-21 کو 392 کی تھانہ غلہ منڈی میں ہوئی ہے اور دوسری واردات مورخہ 26-07-21 کو ہوئی ہے۔پہلی واردات میں -/28,300 روپے چھینے گئے تھے اور دوسری واردات میں -/2,45,000 روپے چھینے گئے۔ دونوں واقعات کے مقدمات درج ہوئے تفتیش کی گئی اور اس میں بذریعہ فوٹیج ایک شخص الیاس عرف الیاسی مردانہ ولد اللہ وسایا قوم بلوچ سکنہ ٹبی شہر ساہیوال شناخت ہوا جو کہ مورخہ 28 کو پولیس مقابلہ تھانہ ہڑپہ

ہلاک ہو چکا ہے جبکہ ایک کس ملزم مرتضیٰ عرف مرتی ولد محمد اکرم قوم مغل ضلع ساہیوال کو گرفتار کرکے اس کی شناخت پریڈ کے لئے اسے پیش کیا جا چکا ہے جس کی شناخت پریڈ کروا کر ریمانڈ جسمانی حاصل کرکے recovery کے لئے کوشش کی جائے گی۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** جی، جناب محمد ارشد ملک!

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! میں منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ یہ کوئی clerical mistake ہو سکتی ہے یہ مورخہ 21-7-25 کا ہی غلہ منڈی کا واقعہ ہے چونکہ اس کی فوٹیج بھی موجود ہیں لیکن clerical mistake کی وجہ سے 29 پڑھا گیا ہے اور خبروں کے مطابق یہ واقعہ 26 تاریخ کا ہے۔میں یہ گزارش کروں گا کہ ساہیوال میں لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال آپ کے سامنے ہے۔ ویسے تو پنجاب میں بھی دیکھ لیں۔ جیسے لاء منسٹر صاحب نے پہلے Call Attention Notice کے جواب میں فرمایا ہے۔میں نے یہ نہیں کہا تھا کہ اس کے علاوہ کسی کے سپرد کر دیں۔ میں نے صرف یہ گزارش کرنے کی کوشش کی تھی کہ جو بات اس ایوان میں آجاتی ہے تو اس کے لئے کوئی special task، کوئی سپیشل ذمہ داری کسی کو سونپی جائے، آپ کے پاس CTD ہے اور بھی بہت سے ادارے ہیں جن کو آپ اپنا task دے دیتے ہیں۔راجہ صاحب پولیس کی بڑی تعریف کرتے ہیں کہ پولیس کی کارکردگی قابل ستائش ہے میں بھی پولیس کی کارکردگی کو سراہتا ہوں لیکن میں چاہتا ہوں کہ اس وقت ساہیوال کی صورتحال دیکھ لیں، اس سے اگلا توجہ دلاؤ نوٹس بھی ہے یہ وہ کیسز ہیں جو رپورٹ ہو چکے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** ملک صاحب! بات ہو چکی ہے اور انہوں نے کیس کی پوری criminology دے دی ہے۔ اب آپ تشریف رکھیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! معزز رکن سے میری گزارش ہے کہ یہ اس حلقے کے ایم پی اے ہیں اسی شہر سے ہیں۔ میں نے ان کی بات کو جھٹلایا نہیں ہے بلکہ میں نے تصحیح کی ہے اور دو کیسز کا بتایا ہے یہ دونوں کیسز work out ہو چکے ہیں اور دونوں کے ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں۔ معزز ممبر کم از کم اتنا تو appreciate کر دیں کہ دو واقعات ہوئے اور دونوں کے ملزمان گرفتار ہوئے اور دونوں کیسز work out ہوئے۔ (نعرہ ہائے تحسین)

جناب چیئرمین! مجموعی طور پر حالات کو ٹھیک کرنا ہماری ذمہ داری ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ کریں گے ۔

**جناب چیئرمین:** اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 866 جناب خلیل طاہر سندھو کا ہے۔ وہ موجود نہیں ہیں تو اس کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 871 جناب محمد ارشد ملک کا ہے۔

## ساہیوال: پاکپتن چوک میں میڈیکل سٹور پر ڈکیتی سے متعلقہ تفصیلات

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب سپیکر! کیا وزیر اعلیٰ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مورخہ 21۔اگست 2021 کو "لاہور رنگ" کی خبر کے مطابق پاکپتن چوک ساہیوال میں میڈیکل سٹور سے دن دہاڑے ڈاکو لاکھوں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے اور جاتے ہوئے بازار میں ہوائی فائرنگ کرکے خوف وہراس پیدا کر گئے؟

(ب) اس ڈکیتی کی واردات کا مقدمہ درج ہوا ہے تو کس تھانہ میں درج ہوا ہے، اس میں کتنے ملزمان گرفتار ہوئے ہیں اور کتنا سامان ڈاکوؤں سے برآمد ہوا ہے نہیں تو اس کی وجوہات بیان کریں نیز اگست 2021 میں اس چوک کے ارد گرد ڈکیتی کی کتنی وارداتیں ہوئی ہیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، محترم وزیر قانون و پارلیمانی امور!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! یہ درست ہے کہ واقعہ رونما ہوا ہے اور اس میں کارروائی بھی کی گئی ہے۔ اس ڈکیتی کی واردات کا مقدمہ نمبر 21/778 مورخہ 2021-08-21 بجرم 392 تھانہ غلہ منڈی میں درج ہو چکا ہے۔ اس مقدمہ میں تین کس ملزمان تنزیل عرف گڈو، علی رضا ولد بشیر اور علی اصغر ولد امداد کو حراست میں لیا گیا ہے اور ان کی شناخت پریڈ کروائی جا رہی ہے۔ جیسے ہی شناخت پریڈ کا رزلٹ ہمیں ملے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ چالان کو یکسو کرکے چالان عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! جیسا کہ راجہ بشارت صاحب نے پہلے فرمایا ہے تو میں پولیس کی کارکردگی کو اس صورت میں appreciate کر سکتا ہوں کہ اگر مزید ایسی وارداتیں نہ ہوں۔ ابھی راجہ بشارت صاحب نے توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 860 کے حوالے سے بات کرتے ہوئے

فرمایا ہے کہ دو وارداتیں ہوئی ہیں۔ وہ وارداتیں جولائی 2021 میں ہوئی ہیں اور یہ واردات اگست 2021 میں ہوئی ہے۔ یہ وہ باتیں ہیں جو کہ رپورٹ ہو رہی ہیں اور اس ایوان میں آگئی ہیں۔ میں specifically گزارش کروں گا کہ ساہیوال میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جناب محمد ارشد ملک! قائداعظم کے فرمان کے مطابق جان ومال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور وزیر قانون نے اس کی یقین دہانی کروادی ہے۔ یہ توجہ دلاؤ نوٹس dispose of ہوا۔ اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 874 جناب محمد نواز چوہان کا ہے۔ وہ موجود نہیں ہیں تو اس توجہ دلاؤ نوٹس کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 894 محترمہ حنا پرویز بٹ کا ہے۔ وہ موجود نہیں ہیں تو اس توجہ دلاؤ نوٹس کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 897 جناب محمد عبداللہ وڑائچ کا ہے۔

## لاہور: لال پُل مغلپورہ میں 45 سالہ شخص کے قتل سے متعلقہ تفصیلات

**جناب محمد عبداللہ وڑائچ:** جناب سپیکر! کیا وزیر اعلیٰ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ بحوالہ روزنامہ "جنگ" 26 ستمبر 2021 کی خبر کے مطابق لاہور مغلپورہ تھانہ کے علاقہ لال پُل میں ایک 45 سالہ شخص کو قتل کر کے اس کی لاش کو جھاڑیوں میں چھپایا گیا جو کہ کئی روز پرانی معلوم ہوتی تھی؟

(ب) کیا پولیس نے لاش کا پوسٹ مارٹم کروایا تھا تو لاش کی شناخت پر کیا پیش رفت ہوئی ہے، اس کی اب تک کی تفتیش سے کیا حقائق سامنے آئے ہیں اور کیا کوئی ملزم گرفتار ہوا ہے؟ تفصیلاً آگاہ فرمائیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، محترم وزیر قانون!

**وزیر قانون وپارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! یہ درست ہے کہ یہ واقعہ رُونما ہوا ہے جس پر مقدمہ نمبر 21/1738 مورخہ 2021-09-25 بجرم 302 تھانہ مغل پورہ لاہور درج ہوا ہے۔ معزز ممبر نے پوچھا ہے کہ کیا اس لاش کا پوسٹ مارٹم کروایا گیا؟ اس لاش کا باقاعدہ پوسٹ مارٹم کروایا گیا ہے لیکن ابھی تک اس پوسٹ مارٹم کی رپورٹ موصول نہیں ہوئی۔ ڈاکٹر صاحب کی طرف سے ہمیں تحریری طور پر بتایا گیا ہے کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ 2021-10-2 کو دی جائے گی

کیونکہ ان کے سسٹم میں کوئی problem تھا۔ ابھی تک ہمیں فرانزک لیب کی طرف سے بھی رپورٹ موصول نہیں ہوئی۔ یہ دو تین دن پہلے کا واقعہ ہے اور جیسے ہی ہمیں رپورٹس موصول ہو جائیں گی تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں مزید پیش رفت ہو گی۔

**جناب چیئرمین:** جی، عبداللہ وڑائچ صاحب!

**جناب محمد عبداللہ وڑائچ:** جناب چیئرمین! محترم وزیر قانون نے درست فرمایا ہے اور میں ان سے متفق ہوں لیکن اگر ہمارے صوبے میں facilities اس طرح کی ہیں کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ اور فرانزک رپورٹ بھی بروقت نہیں آ سکتی اور وہ اس کے لئے تاریخیں دے رہے ہیں تو پھر اللہ ہی حافظ ہے۔ میرا مطالبہ ہے کہ اس کو expedite کیا جائے۔ ایک قتل ہوا ہے، لاش کا پوسٹ مارٹم نہیں ہو رہا اور اس کے لئے تاریخیں مل رہی ہیں اگر ایک جگہ پوسٹ مارٹم نہیں ہو سکتا تو کسی دوسرے ہسپتال میں پوسٹ مارٹم کرنے کا انتظام کر لیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترم وزیر قانون! اس کو expedite کروائیں۔

## تحاریک التوائے کار

**جناب چیئرمین:** اب ہم تحاریک التوائے کار لیتے ہیں۔ جناب ساجد احمد خان کی تحریک التوائے کار نمبر 21/379 ہے۔ وہ اسے پیش کریں۔

### یونیورسٹی آف گجرات تمام سہولیات کے باوجود انتظامیہ اور فیکلٹی طلباء کی تعلیمی بہتری کے لئے کوئی خاطر خواہ اقدام اُٹھانے میں ناکام

**جناب ساجد احمد خان:** جناب سپیکر! میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ضلع گجرات میں عوامی ضروریات کے پیش نظر 2004 میں اس معزز ایوان سے ایک ایکٹ پاس کر کے یونیورسٹی آف گجرات کی منظوری دی گئی اور اس کے لئے مثالی انفراسٹرکچر اور سہولیات مہیا کی گئیں تاکہ یہ ایک State of the art university بنے اور دُنیا میں اس کی ranking ہو۔ اس کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے محکمہ اوقاف سے بھی زمین لیز پر لے کر دی گئی اس کے

علاوہ بھی اس یونیورسٹی کے پاس sufficient land تھی۔ جیسے جیسے یونیورسٹی انتظامیہ ضرورت کے تحتdemand کرتی رہی ان کی ہر demand پوری کی جاتی رہی۔ حتیٰ کہ یونیورسٹی میں مختلف اکیڈمک بلاکس بھی تعمیر کئے گئے تا کہ طلباء کو حصول تعلیم کے سلسلے میں کوئی پریشانی نہ ہو۔ گجرات یونیورسٹی کو دُنیا جہان کی تمام سہولیات کی فراہمی کے باوجود مطلوبہ تعداد کے حساب سے طلباء کے داخلے نہیں ہوتے بلکہ پنجاب بھر کی تمام سرکاری یونیورسٹیوں میں سے اس یونیورسٹی میں داخلے کم ہیں اور جو طلباء زیر تعلیم ہیں ان کے results بھی کوئی قابل ذکر نہیں ہیں۔ اس یونیورسٹی کی انتظامیہ اور فیکلٹی کا طلباء کی تعلیمی بہتری کے لئے کوئی خاطر خواہ اقدام نہیں بلکہ انہوں نے سٹیٹ کے اندر اپنی ایک سٹیٹ بنائی ہوئی ہے فیسوں کی مد میں بچوں کو لوٹا جارہا ہے۔ انتظامیہ کے افسران، ان کے بچے اور ان کی فیملی کے دیگر افراد یونیورسٹی کی گاڑیاں استعمال کر رہے ہیں۔ متعلقہ افسران نے یونیورسٹی کی زمین اور اوقاف سے لیز پر لی گئی زمین آگے کرائے پر دی ہوئی ہے اور یہ سب کچھ انہوں نے بغیر کسی اتھارٹی کی منظوری کے کیا ہوا ہے۔ پھر سونے پر سہاگہ کہ وہاں سے وصول ہونے والی رقم یونیورسٹی یا حکومتی خزانے میں جمع نہیں کرائی جاتی بلکہ ان افسران کے اکاؤنٹ بھرے جارہے ہیں۔ حبیب بنک اور یونیورسٹی آف گجرات میں ایک ایسا معاہدہ کیا گیا ہے جس کے تحت یونیورسٹی کی جائیداد بنک کے پاس رہن رکھوا کر یونیورسٹی کے افسران کو انتہائی کم شرح سود پر قرضے دیئے جاتے ہیں جس کا کوئی جواز ہے اور نہ ہی گورنمنٹ کے کسی دفتر میں ایسی اجازت ہے لیکن اس یونیورسٹی میں افسران مطلق العنان بنے ہوئے ہیں جن پر کوئی قانون لاگو نہیں ہوتا۔ اس یونیورسٹی میں ایوننگ پروگرام چلا کر اپنوں کو نوازا جارہا ہے جس کا عوامی سطح پر کسی کو بھی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔ قصہ مختصر یہ کہ یونیورسٹی جن مقاصد کے حصول کے لئے بنائی گئی تھی وہ حاصل نہیں ہو رہے بلکہ صرف کچھ افسران اور ان کی فیملیز کی ویلفیئر ہو رہی ہے اور ان کی جائیدادوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ چونکہ گجرات ایک انڈسٹریل سٹی ہے جو مختلف مصنوعات پیدا کر کے نہ صرف ملکی ضروریات پوری کر رہا ہے بلکہ برآمد کر کے ملک کے لئے زرمبادلہ بھی کما رہا ہے اس لئے ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ یہ یونیورسٹی گجرات کی انڈسٹری کی ضرورت کے پیش نظر پروگرامز ترتیب دیتی تا کہ وہاں سے فارغ التحصیل لوگ لوکل انڈسٹری میں اپنا لوہا منواتے اور اپنا روزگار کمانے کے ساتھ ساتھ ملک و قوم کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتے لیکن یکسر اس طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی بلکہ یونیورسٹی کی زمین تک کرائے

پر دے کر اپنی جیبیں بھری جا رہی ہیں لیکن یہ سب کچھ ہونے کے باوجود آج تک کسی بھی متعلقہ اتھارٹی نے یونیورسٹی کے ذمہ داران سے باز پُرس کرکے انہیں کیفر کردار تک نہیں پہنچایا۔ اگر ان کی باز پُرس ہوتی، ان کا احتساب ہوتا تو آج یونیورسٹی کی یہ حالت نہ ہوتی۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ معاملہ کسی سپیشل کمیٹی کے سپرد کیا جائے جو تحقیق کرکے ذمہ داروں کا تعین کرتے ہوئے انہیں کیفر کردار تک پہنچائے تاکہ نہ صرف اس یونیورسٹی کے معاملات درست سمت میں چلیں بلکہ باقی لوگ بھی اس سے عبرت پکڑیں۔ چونکہ یونیورسٹی کے متعلقہ ذمہ داران نے قومی املاک کو بہت نقصان پہنچایا ہے اور پھر کسی نے بھی ان کی باز پُرس نہیں کی جس سے عوام میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جاتا ہے۔ لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر ہائر ایجوکیشن موجود نہیں ہیں۔ اس تحریک کو Special Committee No. 9 کے سپرد کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 21/321 چودھری افتخار حسین چھچھر کی ہے۔

## حکومت پنجاب کی جانب سے ٹریفک چالانوں کی مد میں ہوشربا اضافہ سے غریب عوام کو پریشانی کا سامنا

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ نجی ٹی وی چینل اب تک کی خبر کے مطابق گورنمنٹ آف پنجاب نے ٹریفک چالانوں کی مد میں ہوشربا اضافہ اور زیادہ سے زیادہ چالانوں کے ٹارگٹ کی منظوری دے کر غریب عوام پر ایک اور بم گرا دیا ہے۔ اس مہنگائی کی چکی میں پسی عوام پر ایک اور ظلم ڈھایا ہے۔ ٹریفک چالانوں کی مد میں اضافے کی ریٹ لسٹ جاری کر دی گئی ہے، جس کے مطابق چند یہ ہیں۔ موٹر سائیکل سوار کے لئے قانون شکنی پر 300 روپے کی بجائے 400، بغیر ہیلمٹ کا 200 روپے کی بجائے 600 روپے اور رکشہ ڈرائیور کا 250 روپے کی بجائے 600 روپے۔ موٹر سائیکل، رکشہ وغیرہ یہ سب غریب لوگوں کی سواری ہے۔ پہلے ہی غریب طبقہ مہنگائی کی وجہ سے پس کر رہ گیا ہے اور اوپر سے ان ٹریفک چالانوں کی وجہ سے اب غریب آدمی سستی سفری

سہولیات سے بھی محروم ہو گیا ہے۔ اس کے علاوہ E-Challan سسٹم بھی فیل ہے، کسی گاڑی کا چالان کسی موٹر سائیکل والے کو بھیج دیا جاتا ہے۔ ٹریفک چالانوں میں ہوشربا اضافہ سے عوام میں غم و غصہ اور اضطراب پایا جاتا ہے۔ لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترم وزیر قانون و پارلیمانی امور!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ)**:** جناب چیئرمین! یہ تحریک التوائے کار ابھی پیش ہوئی ہے اس کا جواب ابھی موصول نہیں ہوا، اس کو pending فرمالیں، جواب آجائے گا تو میں ایوان میں اس کا جواب دے دوں گا۔

**جناب چیئرمین:** جی، اس تحریک التوائے کار کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار ملک ندیم کامران صاحب کی ہے موجود نہیں ہیں، اُن کی طرف سے pending کرنے کی request آئی ہے، اس تحریک کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر جناب محمد طاہر پرویز کی ہے، یہ تحریک آج دوسری دفعہ pending ہو گئی ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 328/21 چودھری مظہر اقبال کی ہے۔

## ہارون آباد شہر میں ڈکیتی کی وارداتوں میں روز بروز اضافہ

**چودھری مظہر اقبال:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ مورخہ 29۔ اگست 2021 ٹی وی چینل، نیوز اور PNN کی خبر کے مطابق ہارون آباد بلدیہ کالونی میں سابق کونسلر کے گھر ڈکیتی کی واردات ہوئی ہے۔ اس ڈکیتی کی واردات میں ایک خاتون بھکارن کے روپ میں گھر میں داخل ہوتی ہے اور ساتھ ہی اس کے ساتھی بھکاریوں کے روپ میں داخل ہوتے ہیں اور تمام گھر والوں کو اسلحہ کے زور پر باندھ کر گھر سے لاکھوں روپے لے کر چلے جاتے ہیں۔ ماہ اگست میں یہ ڈکیتی کی اس شہر میں چوتھی واردات ہے۔ اس سے قبل غلہ منڈی ہارون آباد کی فرم عرفان سلیم اینڈ کمپنی کے ملازمین سے بنک سے نکلتے ہی لاکھوں روپے لے کر فرار ہو گئے اور ایک ملازم کو فائر کر کے زخمی کر گئے۔ دوسری

واردات میں ڈاکو دو موٹر سائیکلوں پر سوار تھے حاجی محمد نواز زرگر جیولرز شاپ عوامی بازار سے 20 تولے طلائی زیورات اور 30 تولے چاندی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ڈکیتی کی وارداتیں روز مرہ کا معمول بن چکی ہیں۔ ہر روز شہر ہارون آباد میں احتجاجی مظاہرے ہو رہے ہیں مگر پولیس ٹس سے مس تک نہیں ہو رہی ہے بلکہ شہریوں کو لُٹتے ہوئے خاموشی سے دیکھ رہی ہے جس سے عوام میں شدید اضطراب پایا جاتا ہے۔ لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترم وزیر قانون و پارلیمانی امور!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! یہ تحریک التوائے کار بھی ابھی پیش ہوئی ہے تو جواب آجائے گا تو میں عرض کر دوں گا۔

**جناب چیئرمین:** جی، اس تحریک التوائے کار کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار جناب محمود الحق کی ہے، موجود نہیں ہیں، disposed of۔ اگلی دو تحاریک التوائے کار نمبر 332 & 333 شیخ علاؤالدین کی ہیں۔ جی، شیخ صاحب! آپ پہلے کون سی تحریک پڑھنا چاہتے ہیں؟

**شیخ علاؤالدین:** جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں یہ تحریک پیش کرنے سے پہلے آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ میں نے لاہور کے master plan and high rise buildings پر بات کی تھی تو وزیر قانون و پارلیمانی امور نے 2020 & 2019 ,2018 میں اسی معزز ایوان میں یہ surety دی تھی کہ ہم بیٹھ کر اس کے اوپر بات کریں تو آج تک وہ بات نہیں ہو سکی اُنہیں اس کام کے لئے ٹائم نہیں ملا۔ میں آپ کی توجہ اور اس ایوان کی توجہ چاہتا ہوں اور میری یہ بات گورنمنٹ بھی سُن رہی ہے اور آپ کو بھی سُن کر افسوس ہو گا کہ 350 فٹ کی بلندی تک کی بلڈنگز کی اجازت دی جا رہی ہے۔۔۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر،

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر قانون و پارلیمانی امور!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ معزز ممبر اخباری خبر یا مفروضوں پر بات نہ کیا کریں۔ یہ صرف بلڈنگ کا نام بتا دیں کہ کس کو اجازت دی جا رہی ہے۔

**جناب چیئر مین:** شیخ صاحب! میں نے ویسے بھی آپ کو پوائنٹ آف آرڈر کی اجازت نہیں دی۔ آپ اپنی تحریک پیش کریں۔

**شیخ علاؤالدین:** جناب چیئر مین! انہوں نے اتنی بڑی بات کہی ہے۔

**جناب چیئر مین:** آپ اپنی تحریک التوائے کار پڑھیں کیونکہ میں نے آپ کو تحریک پڑھنے کے لئے floor دیا ہے۔

**شیخ علاؤالدین:** جناب چیئر مین! آپ دوسروں کو بھی تو پوائنٹ آف آرڈر پر بات کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ وزیر قانون و پارلیمانی امور نے چیلنج کیا ہے تو یہ resign کریں گے یا میں resign کروں گا۔

**جناب چیئر مین:** چلیں، اس کے بعد score settle کر لیتے ہیں۔ آپ ابھی اپنی تحریک پڑھیں۔

**شیخ علاؤالدین:** جناب چیئر مین! یہ مائیک ہی نہیں چل رہا۔ میں نے second class citizen تو سُنا تھا لیکن second class MPA نہیں سُنا تھا۔ MPA پہلے اندر آتے ہوئے ذلیل ہوتا ہے اور پھر یہاں ہمارے ہاتھ میں مائیک پکڑا دیا جاتا ہے۔ پہلے والے اسمبلی ہال میں ہم سب کو کیا تکلیف تھی۔ میں سول انجینئر نہیں ہوں لیکن میں اُسی اسمبلی میں 150 لوگوں کو بٹھانے کی extension دے سکتا ہوں۔

**جناب چیئر مین:** شیخ صاحب! آپ سینئر ممبر ہیں۔ میں آپ سے request کر رہا ہوں کہ آپ اپنی تحریک التوائے کار نمبر 21/333 پر آجائیں۔

## ٹی وی چینلز انٹرٹینمنٹ اور ڈراموں کے نام پر فحاشی پھیلانے اور نوجوان نسل کو گمراہ کرنے میں مصروف

**شیخ علاؤالدین:** میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ آج کچھ ٹی وی چینلز (Entertainment) کے نام پر قوم اور خاص طور پر نوجوان نسل کو جن گمراہ کُن راستوں کی طرف مائل کر رہے ہیں وہ انتہائی تشویش ناک ہیں۔ ڈراموں کے نام پر جو فحاشی پھیلائی جا رہی ہے وہ انتہائی قابل مذمت ہے۔ ان ڈراموں میں تسلسل کے ساتھ سالی، بھابھی، دیور، بہنوئی، سسر اور بہو جیسے انتہائی قابل احترام رشتوں کو شرم ناک حرکتوں میں ملوث پایا جاتا ہے۔

تقریباً ہر ڈرامے میں سالی صاحبہ، بہنوئی صاحب پر ڈورے ڈال رہی ہے، کہیں بھابھی اپنے دیور پر فدا ہے اور دیور بھی بھابھی کے چکر میں ہے، کہیں بہنوئی سالی کے چکر میں ہے۔ ایک ڈرامہ میں ایک لڑکا اپنی پسند کی لڑکی جس کی شادی ہو چکی ہے اُس کے گھر میں گھُس کر اُس کے شوہر کے سامنے فرماتا ہے کہ میں اس شادی شدہ عورت سے محبت کرتا ہوں اس لئے شوہر صاحب اس کو طلاق دے کر میرے ساتھ بھیج دیں۔ اسی طرح ایک اور ڈرامے میں ایک باپ اپنے سوتیلے بیٹے کی بیوی پر ڈورے ڈال رہا ہے۔ آخر یہ سب کیا ہو رہا ہے؟ یہ تمام ڈرامے دن اور رات ہر وقت دکھائے جا رہے ہیں جو خاص طور پر خواتین اور نوجوان لڑکیاں دن میں جب مرد گھر پر نہیں ہوتے دیکھ رہی ہیں۔ ایسے ہی ڈراموں میں ایک استاد اپنی شاگردہ پر زبردستی دوستی کے لئے زور دے رہا ہے۔ ایک ڈرامہ میں ایک افسر صاحب ماتحت لڑکی کے ساتھ انتہائی زیادتی کا مرتکب ہوتا ہے۔ اس قسم کے تمام ڈرامہ نویس اور ہدایت کار سعادت حسن منٹو، عصمت چغتائی یہاں تک کہ خوشونت سنگھ اور ڈی۔ ایچ لارنس کو پیچھے چھوڑنا چاہتے ہیں۔ لیکن اُن کو یہ تمیز نہیں ہے کہ جن ادیبوں کی یہ بھونڈی نقل کرنا چاہتے ہیں وہ بہت بڑے لوگ تھے اور انہوں نے معاشرے کے اُن طبقات اور لوگوں کو جھنجھوڑا تھا اور معاشرے کے مصنوعی خول اور قول و فعل کے تضاد کو اجاگر کر کے ہمیشہ کے لئے اُتار پھینکا تھا لیکن آج کا ٹیلی ویژن اس سے بالکل مختلف طریقہ ہے اور خاص طور پر پرائیویٹ ٹی وی چینلز صرف اپنے مفاد اور آمدنی کے لئے ناپختہ ذہنوں کی جو تباہی کر رہا ہے اس کا معزز ایوان میں مفصل بحث اور غور و فکر کے بعد ہمیشہ کے لئے تدارک کیا جانا انتہائی ضروری ہے۔ لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** میں عرض کرتا ہوں کہ اس کے similar تحریک پچھلے دنوں ایوان میں آ چکی ہے اس کا جواب بھی ندیم قریشی صاحب نے دے دیا تھا۔ کیا ندیم قریشی صاحب موجود ہیں؟ جی، منسٹر صاحب!

**وزیر کالونیز / کلچر** (جناب خیال احمد): جناب چیئرمین! میں آپ کی اجازت سے معزز ممبر کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ جتنے بھی ڈرامز جو ٹیلی کاسٹ ہو رہے ہیں وہ پنجاب کے کسی ٹی وی چینل پر نہیں ہو رہے۔ یہ معاملہ وفاق سے متعلق ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر ان کی نظر میں کوئی ڈرامہ بُرا

ہے تو ہم کوشش کریں گے کہ ہم اپنی طرف سے وفاق کو خط لکھیں کہ ایسے ڈراموں پر نظر رکھی جائے اور ایسا نہ ہو۔

**جناب چیئرمین:** جی، منسٹر صاحب نے assurance دی ہے وہ انشاءاللہ وفاق کو خط لکھیں گے اور پچھلے دنوں قریشی صاحب نے بھی یہی فرمایا تھا کہ ہم وفاقی حکومت سے درخواست کریں گے کہ وہ اس کو دیکھیں لہٰذا اس تحریک التوائے کار نمبر 21/333 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 21/334 جناب عبدالروف کی ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہے لہٰذا ان کی تحریک التوائے کار کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 21/336 محترمہ عظمیٰ کاردار کی ہے۔ جی، محترمہ!

## قصور مصطفیٰ آباد للیانی اور متعدد مقام پر گندگی کے ڈھیر
## صفائی عملہ اُٹھانے میں ناکام

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** شکریہ۔ جناب چیئرمین! میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔ مسئلہ یہ ہے کہ مورخہ 30 اگست 2021 روزنامہ دنیا کی خبر کے مطابق جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، تعفن سے سانس لینا بھی محال، کئی کئی ماہ گندگی نہیں اٹھائی جاتی، مکینوں کا حکام سے کارروائی کا مطالبہ۔ قصور مصطفیٰ آباد / للیانی میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، متعدد مقامات سے کئی کئی ماہ گندگی نہیں اٹھائی جاتی۔ میونسپل کمیٹی کے عملے نے صفائی کے لئے علاقہ مخصوص کر لیا۔ جبکہ علاقوں سے کئی کئی ماہ گندگی نہیں اٹھائی جاتی۔ تعفن پھیلنے سے اہل علاقہ مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ ڈی سی قصور کو درخواستیں دینے کے باوجود عملہ صفائی ٹس سے مس نہیں ہوتا۔ جس روٹ پر روزانہ صفائی کی جاتی ہے، ان کی تصاویر بنا کر حکام کو بھجوا دی جاتی ہے۔ دفتوہ روڈ، سرہالی روڈ، نیواں تھہ، محلہ باغیچی سمیت دیگر مقامات کے نالے اکثر بند رہتے ہیں۔ خدمت آپ کی دہلیز پر پروگرام کے تحت عوامی شکایات پر گندگی اٹھا کر خالی پلاٹوں میں پھینک کر کچرا کنڈی میں تبدیل کر دیا گیا۔ اس بابت اس قصبہ کے لوگوں نے وزیر اعلیٰ، متعلقہ وزیر، کمشنر لاہور اور ڈی سی قصور کو درخواستیں دی ہیں اور احتجاج بھی کیا ہے مگر کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ متعلقہ میونسپلٹی کے ملازمین

افسران ملے ہوئے ہیں۔چند ملازمین ڈیوٹی پر آتے ہیں باقی گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں کیونکہ ان کی اوپر تک ملی بھگت ہے۔ لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! قصور سے ہمارے لوکل نمائندے جو کہ ہمارے منسٹر بھی ہیں وہ موجود ہیں۔ کیونکہ محترمہ وہاں کی رہنے والی نہیں لہٰذا منسٹر صاحب سے اصل صورتحال پوچھ لیتے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر بہبود آبادی** (جناب محمد ہاشم ڈوگر): جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں یہ عرض کروں گا کہ محترمہ کی جو report ہے وہ ایک اخبار کی خبر ہے اور آپ کو پتا ہے کئی دفعہ اخبار کی خبریں صرف اس لئے دی جاتی ہیں کہ وہاں کے لوکل افسران پر کسی قسم کا دباؤ ڈال سکیں۔اس کو پھر بھی ہم مزید چیک کر لیتے ہیں ویسے اتنی بھی بُری صورتحال نہیں ہے۔ میں almost daily دوسرے تیسرے دن وہاں سے گزرتا ہوں لیکن پھر بھی اگر ایسی کوئی صورتحال ہوئی تو اس کو ٹھیک کروا لیتے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** اس تحریک التوائے کار نمبر 336/21 کا جواب آگیا ہے لہٰذا اس کو dispose of کیا جاتا ہے۔اگلی تحریک التوائے کار نمبر 337/21 محترمہ عنیزہ فاطمہ کی ہے۔ان کی request آئی ہے لہٰذا اس تحریک کو pending کرتے ہیں۔اگلی تحریک التوائے کار نمبر 339/21 میاں عبدالرؤف کی ہے معزز ممبر موجود نہیں ہیں لہٰذا ان کی تحریک کو dispose of کرتے ہیں۔اگلی تحریک التوائے کار نمبر 346/21 محترمہ ربیعہ نصرت کی ہے معزز ممبر موجود نہیں ہیں لہٰذا ان کی تحریک کو dispose of کرتے ہیں۔اگلی تحریک التوائے کار نمبر 349/21 محترمہ رابعہ نسیم فاروقی کی ہے معزز ممبر موجود نہیں ہیں لہٰذا ان کی تحریک کو dispose of کرتے ہیں۔اگلی تحریک التوائے کار نمبر 355/21 جناب عطاالرحمان کی ہے معزز ممبر موجود نہیں ہیں لہٰذا ان کی تحریک کو dispose of کرتے ہیں۔اگلی تحریک التوائے کار نمبر 356/21 جناب طاہر پرویز کی ہے معزز ممبر موجود نہیں ہیں لہٰذا ان کی تحریک التوائے کار

کو dispose of کرتے ہیں۔اگلی تحریک التوائے کار نمبر 357/21 سیدہ زہرا نقوی کی ہے۔جی، محترمہ!

## لاہور میں آئس نشہ کرنے والے طلباء اور نوجوانوں میں روزبروز اضافہ

**سیدہ زہرا نقوی:** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ۔جناب چیئرمین! شکریہ۔میں یہ تحریک پیش کرتی ہوں کہ اہمیت عامہ رکھنے والے ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلہ کو زیر بحث لانے کے لئے اسمبلی کی کارروائی ملتوی کر دی جائے۔مسئلہ یہ ہے کہ روزنامہ پاکستان مورخہ 27 جولائی 2021 کی خبر کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور کی حدود میں نشہ کرنے والے افراد کی تعداد دو لاکھ سے تجاوز کر گئی، آئس کا نشہ گھروں سے نکل کر یونیورسٹیوں اور کالجوں تک پہنچ گیا، عام طور پر "آئس" کہلانے والا نشہ امیر طلباء اور نوجوانوں میں جہاں تیزی سے مقبول ہو رہا ہے، وہاں اس نشے کا علاج پیچیدہ ہے اور بہت سے خاندان اس مسئلے کو خفیہ رکھ رہے ہیں۔آئس نامی اس نشے کو چند سال پہلے ہی مارکیٹ میں متعارف کرایا گیا ہے اور اسے یہ نام اس کی کرسٹل حالت یا برف جیسی صورت کی بنیاد پر دیا گیا ہے۔ آئس نشے میں "میتھا مفتامین" (methamphetamine) نامی مہلک دوا کو دیگر خطرناک کیمیکلز کے ساتھ ملا کر بنایا جاتا ہے، یہ دوا کسی خطرناک اور جان لیوا مرض میں مبتلا مریض کو کچھ دیر سکون کے لئے دی جاتی ہے اور اس کا کام صرف دماغ کو کچھ دیر کے لئے تھپک کر سلا دینا ہے، جس سے مریض کچھ دیر کے لئے درد و اذیت سے بیگانہ ہو جاتا ہے۔لاہور شہر میں ایک اندازے کے مطابق اب تک دو لاکھ سے زائد نوجوان آئس نشے کے عادی بن چکے ہیں، جن کے آگے قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی بے بس نظر آتے ہیں۔لہٰذا استدعا ہے کہ میری تحریک کو باضابطہ قرار دے کر اس پر ایوان میں بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! میں یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ جس طرح محترمہ نے فرمایا ہے کہ انتظامیہ اس پر کوئی کارروائی نہیں کرتی تو یہ بات درست نہ ہے۔ایسے لوگوں کے خلاف باقاعدگی کے ساتھ کارروائی کی جاتی ہے جو تعلیمی

اداروں کے ارد گرد اس قسم کی اشیاء بیچتے ہیں۔ انہیں باقاعدہ طور پر گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات بھی بنائے جارہے ہیں۔ میں محترمہ کو وہ اعداد و شمار بھی لے کر دے سکتا ہوں جو پچھلے ایک ماہ کے دوران ہم نے کارروائی کی ہے۔ آج سے چند دن پہلے ہماری محترم ایم۔پی۔اے صاحبہ نے ایک ویڈیو جو اس وقت viral ہوئی تھی وہ مجھے بھیجی تھی جو میں نے ڈی۔آئی۔جی آپریشن لاہور کو بھیجی تھی۔ اس کے بعد انہوں نے مجھے صرف ایک ماہ کے اعداد و شمار بھیجے تھے کہ انہوں نے تقریباً ڈیڑھ سو افراد کے خلاف ایک ماہ میں کارروائی کی تھی اس لئے حکومت اس معاملے سے cognizant ہے۔ ہم ملزمان کے خلاف کارروائی بھی کرتے ہے، مقدمات بھی بنتے ہیں اور گرفتاریاں بھی ہوتی ہیں۔ اس حوالے سے یہ کہنا کہ گورنمنٹ کارروائی نہیں کر رہی تو یہ درست نہیں ہے لیکن اس کے باوجود میں محترمہ کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاء اللہ تعالیٰ قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مزید ہدایت کی جائے گی کہ اس پر مزید تندہی سے کام کریں۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** اس تحریک التوائے کار کا جواب آ گیا ہے اس لئے یہ تحریک التوائے کار dispose of کی جاتی ہے۔

اب جناب سید عثمان محمود، سید حسن مرتضیٰ اور خواجہ سلمان رفیق ایک قرارداد پیش کرنے کے لئے قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں۔ محرک اپنی تحریک پیش کریں۔

## قواعد کی معطلی کی تحریک

**سید عثمان محمود:** اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ:

> "قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے مجھے پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں سے فارغ التحصیل طلباء کے احتجاج کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**جناب چیئرمین:** یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے مجھے پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں سے فارغ التحصیل طلباء کے احتجاج کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

اب سوال یہ ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے مجھے پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں سے فارغ التحصیل طلباء کے احتجاج کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

(تحریک منظور ہوئی)

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! منسٹر صاحبہ تشریف نہیں رکھتیں لیکن محرک اپنی قرارداد پیش کر لیں۔

## قرارداد

**جناب چیئرمین:** محرک اپنی قرارداد پیش کریں۔

### ایم بی بی ایس پاس کرنے والے ڈاکٹروں کا نئے قواعد PMC میں شق نمبر 20 کو فی الفور ختم کرنے کا مطالبہ

**سید عثمان محمود:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ:

"پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں میں 3350 طالب علموں کے داخلہ کی گنجائش ہے جن کے against انٹری ٹیسٹ میں تقریباً ایک لاکھ امیدوار appear ہوتے ہیں اور 93 فی صد نمبروں پر میرٹ close ہو جاتا ہے۔ایم بی بی ایس پانچ سالوں میں مکمل ہوتا ہے اور ہر سال کے end پر Prof کا امتحان ہوتا ہے یہ مرحلہ مکمل ہونے کے بعد ایک سال کے لئے ہاؤس جاب کرنی ہوتی ہے تب جا

کر سرکاری ملازمت کے حصول کے لئے PPSC میں appear ہونے کا اہل ہو سکتا ہے اور یہ قانون 1962 سے رائج ہے اور یہ سارا process، PMDC کے زیر انتظام ہے۔ اب PMDC ختم کر کے PMC بنایا گیا ہے، PMC نے اپنے ایکٹ کے سیکشن 20 میں ثبت کیا ہوا ہے کہ ایم بی بی ایس مکمل کرنے کے بعد NLE ہو گا اور جو سٹوڈنٹ NLE پاس کرے گا وہ ہاؤس جاب کا مستحق ٹھہرے گا ورنہ اس کی زندگی بھر کی محنت رائیگاں جائے گی۔ امریکہ اور برطانیہ میں USMLE اور PLAB کے exams ہوتے ہیں لیکن وہ پاس ہونے والے ڈاکٹرز کو لائسنس جاری کرنے کے ساتھ ساتھ Residency دینے کے بھی پابند ہیں لیکن NLE پاس کرنے کے بعد ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ پھر دنیا بھر کا قانون ہے کہ جو بھی فیصلے کئے جاتے ہیں وہ with immediate effect ہوتے ہیں وہ گزرے ہوئے سالہا سال سے لاگو نہیں ہوتے لہذا جن بچوں کی رجسٹریشن PMDC کے تحت ہوئی ہوئی ہے اور انہوں نے باقاعدہ تمام قواعد و ضوابط پر مشتمل surety bond لکھ کر دیئے ہوئے ہیں اب ان بچوں سے NLE لینا خلاف آئین و قانون ہے۔ اسی وجہ سے پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں سے فارغ التحصیل طلباء سراپا احتجاج ہیں اور اپنے مطالبے کے حق میں روزانہ سڑکوں پر ہیں۔ لہٰذا پنجاب کا یہ منتخب ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ PMC کے ایکٹ میں موجود شق نمبر 20 کو فی الفور ختم کیا جائے تاکہ ڈاکٹروں کا مستقبل محفوظ ہو اور وہ احتجاج کا راستہ چھوڑ کر ہسپتالوں میں غریب اور لاچار مریضوں کی جانیں بچانے کے لئے اپنے فرائض ادا کریں۔"

**جناب چیئرمین:** یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں میں 3350 طالب علموں کے داخلہ کی گنجائش ہے جن کے against انٹری ٹیسٹ میں تقریباً ایک لاکھ امیدوار appear ہوتے ہیں اور 93 فی صد نمبروں پر میرٹ close ہو جاتا ہے۔ ایم بی بی ایس پانچ سالوں میں مکمل ہوتا ہے اور ہر سال کے end پر Prof کا امتحان ہوتا ہے یہ

مرحلہ مکمل ہونے کے بعد ایک سال کے لئے ہاؤس جاب کرنی ہوتی ہے تب جا کر سرکاری ملازمت کے حصول کے لئے PPSC میں appear ہونے کا اہل ہو سکتا ہے اور یہ قانون 1962 سے رائج ہے اور یہ سارا process، PMDC کے زیر انتظام ہے۔ اب PMDC ختم کر کے PMC بنایا گیا ہے، PMC نے اپنے ایکٹ کے سیکشن 20 میں ثبت کیا ہوا ہے کہ ایم بی بی ایس مکمل کرنے کے بعد NLE ہو گا اور جو سٹوڈنٹ NLE پاس کرے گا وہ ہاؤس جاب کا مستحق ٹھہرے گا ورنہ اس کی زندگی بھر کی محنت رائیگاں جائے گی۔ امریکہ اور برطانیہ میں USMLE اور PLAB کے exams ہوتے ہیں لیکن وہ پاس ہونے والے ڈاکٹرز کو لائسنس جاری کرنے کے ساتھ ساتھ Residency دینے کے بھی پابند ہیں لیکن NLE پاس کرنے کے بعد ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ پھر دنیا بھر کا قانون ہے کہ جو بھی فیصلے کئے جاتے ہیں وہ with immediate effect ہوتے ہیں وہ گزرے ہوئے سالہا سال سے لاگو نہیں ہوتے لہذا جن بچوں کی رجسٹریشن PMDC کے تحت ہوئی ہوئی ہے اور انہوں نے باقاعدہ تمام قواعد و ضوابط پر مشتمل surety bond لکھ کر دیئے ہوئے ہیں اب ان بچوں سے NLE لینا خلاف آئین و قانون ہے۔ اسی وجہ سے پنجاب بھر کے میڈیکل کالجوں سے فارغ التحصیل طلباء سراپا احتجاج ہیں اور اپنے مطالبے کے حق میں روزانہ سڑکوں پر ہیں۔ لہٰذا پنجاب کا یہ منتخب ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کا مطالبہ کرتا ہے کہ PMC کے ایکٹ میں موجود شق نمبر 20 کو فی الفور ختم کیا جائے تاکہ ڈاکٹروں کا مستقبل محفوظ ہو اور وہ احتجاج کا راستہ چھوڑ کر ہسپتالوں میں غریب اور لاچار مریضوں کی جانیں بچانے کے لئے اپنے فرائض ادا کریں۔"

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! وزیر صحت تشریف نہیں رکھتیں۔ آپ اس کو pending کر لیں۔ وہ تشریف لائیں گی تو اس کا جواب دے دیں گی۔

**جناب چیئرمین:** جی، ٹھیک ہے۔ اس قرارداد کو pending کیا جاتا ہے۔

اب رانا مشہود احمد خان ایک قرارداد پیش کرنے کے لئے قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں محرک اپنی تحریک پیش کریں۔

## قواعد کی معطلی کی تحریک

**رانا مشہود احمد خان:** میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے مجھے چین میں تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کے مسائل کے حل کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**جناب چیئرمین:** یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے مجھے چین میں تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کے مسائل کے حل کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

اب سوال یہ ہے کہ:

"قواعد انضباط کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کر کے مجھے چین میں تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کے مسائل کے حل کے حوالے سے ایک قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

(تحریک منظور ہوئی)

## قرارداد

**جناب چیئرمین:** محرک اپنی قرارداد پیش کریں۔

### چین میں ہزاروں پاکستانی طلباء اپنی تعلیم مکمل کرنے کے لئے واپس چین جانے والوں کے لئے ویزے کا مطالبہ

**رانا مشہود احمد خان:** جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ:

"چین میں تعلیم حاصل کرنے والے ہزاروں پاکستانی طلباء دسمبر 2019 سے لے کر آج تک مسائل کا شکار ہیں۔ انہیں واپس چین جا کر اپنی تعلیم جاری رکھنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حکومت چین انہیں واپسی کے لئے ویزے جاری نہیں کر رہی، ہزاروں کی تعداد میں یہ طلباء اپنے مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی حالات کا شکار ہیں۔ دنیا کے تمام ممالک اپنے ان طلباء جو چین میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے لئے مثبت کردار ادا کرتے ہوئے انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے لئے واپس چین بھجوانے میں مددگار ثابت ہوئے ہیں جن میں امریکہ اور جنوبی کوریا سر فہرست ہیں۔ ہمارے طلبہ مکمل vaccination کروا چکے ہیں اور حکومت چین کی جانب سے مقرر کردہ تمام SOP's پر عملدرآمد کرنے کو تیار ہیں۔ Ph.D اور شعبہ طب کے حوالے سے تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کو تحقیقی اور تجرباتی تعلیم کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے جو کہ online کلاسز سے مکمل طور پر ختم نہیں ہوتا۔ ان کے تعلیمی معاملات سے متعلقہ ان مسائل کو حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ حکومت وقت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ چین سے رابطہ کرکے جلد از جلد اس مسئلہ کا حل نکالنے کی کوشش کرے اور ان ہزاروں

طلباء کی تعلیم اور مستقبل کے حوالے سے مبہم صورتحال کو واضح کرے تاکہ یہ طلباء اپنی تعلیم چین سے مکمل کر کے واپس پاکستان آکر اپنے ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں۔ یہ ہماری اخلاقی اور قومی ذمہ داری ہے کہ اپنی نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ ہونے سے بچایا جائے۔

لہٰذا یہ ایوان وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ چین سے رابطہ کر کے ان متاثرین طلبہ کے ویزے جاری کئے جائیں تاکہ وہ طلباء اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔"

**جناب چیئرمین:** یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"چین میں تعلیم حاصل کرنے والے ہزاروں پاکستانی طلباء دسمبر 2019 سے لے کر آج تک مسائل کا شکار ہیں۔ انہیں واپس چین جا کر اپنی تعلیم جاری رکھنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حکومت چین انہیں واپسی کے لئے ویزے جاری نہیں کر رہی، ہزاروں کی تعداد میں یہ طلباء اپنے مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی حالات کا شکار ہیں۔ دنیا کے تمام ممالک اپنے ان طلباء جو چین میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں ان کے لئے مثبت کردار ادا کرتے ہوئے انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے لئے واپس چین بھجوانے میں مددگار ثابت ہوئے ہیں جن میں امریکہ اور جنوبی کوریا سرفہرست ہیں۔ ہمارے طلبہ مکمل vaccination کروا چکے ہیں اور حکومت چین کی جانب سے مقرر کردہ تمام SOP's پر عملدرآمد کرنے کو تیار ہیں۔ Ph.D اور شعبہ طب کے حوالے سے تعلیم حاصل کرنے والے طلباء کو تحقیقی اور تجرباتی تعلیم کے حصول میں مشکلات کا سامنا ہے جو کہ online کلاسز سے مکمل طور پر ختم نہیں ہوتا۔ ان کے تعلیمی معاملات سے متعلقہ ان مسائل کو حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔

حکومت وقت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ چین سے رابطہ کر کے جلد از جلد اس مسئلہ کا حل نکالنے کی کوشش کرے اور ان ہزاروں طلباء کی تعلیم اور مستقبل کے حوالے سے مبہم صورتحال کو واضح کرے تاکہ یہ طلباء اپنی تعلیم چین سے مکمل کر کے واپس پاکستان آکر اپنے ملک اور قوم کی خدمت کر سکیں۔ یہ ہماری اخلاقی اور قومی ذمہ داری ہے کہ اپنی نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ ہونے سے بچایا جائے۔

لہٰذا یہ ایوان وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ چین سے رابطہ کر کے ان متاثرین طلبہ کے ویزے جاری کئے جائیں تاکہ وہ طلباء اپنی تعلیم جاری رکھ سکیں۔"

راجہ صاحب! کیا آپ اس قرارداد پر بات کرنا چاہتے ہیں یا اس کو pending کر دیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! اس قرارداد کو pending کر لیں۔

**رانا مشہود احمد خان:** جناب چیئرمین! میری اس پر ایک عرض ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، فرمائیں!

**رانا مشہود احمد خان:** جناب چیئرمین! یہ 7 ہزار سے زیادہ بچے اور بچیاں ہیں جو میڈیکل، انجینئرنگ، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ اور پی ایچ ڈی شعبہ سے منسلک ہیں۔ ان سب کا مسئلہ یہ ہے کہ چائنا میں اکتوبر سے نیا کیلنڈر شروع ہو رہا ہے اور یہ سیاسی مسئلہ نہیں بلکہ پاکستان کے نوجوانوں کے مستقبل کا مسئلہ ہے لہٰذا میری آپ کی وساطت سے حکومت سے یہ درخواست ہے کہ حکومت فوری طور پر چائنا سے رابطہ کرے تاکہ سب بچے نئے کیلنڈر کو join کر سکیں۔ بہت شکریہ

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! میں گزارش یہ کرنا چاہتا ہوں کہ اس قرارداد کو کل تک کے لئے pending کر لیں۔ میں ابھی منسٹر ہائر ایجوکیشن

سے بات کر لوں گا تو وہ صبح پالیسی سٹیٹمنٹ بھی دے دیں گے اور وفاقی حکومت سے take up بھی کر لیں گے۔

**جناب چیئرمین:** جی، ٹھیک ہے۔ اس قرارداد کو کل تک کے لئے pending کیا جاتا ہے۔

## پوائنٹ آف آرڈر

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** ارشد ملک صاحب! آپ کیا بولنا چاہ رہے ہیں؟

## MDCAT کے ٹیسٹ دینے والے طلباء وطالبات کو نئے طریقہ امتحان سے پریشانی کا سامنا

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بولنے کی اجازت دی کیونکہ یہ بڑا اہم issue ہے۔ پاکستان میڈیکل کمیشن کے ذریعے MDCAT کے ٹیسٹ لئے جا رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** یہ بات تو ہو گئی ہے۔

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! آج بھی وہ ٹیسٹ لئے جا رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** اس پر قرارداد آ گئی ہے جو pending ہو گئی ہے اور اسمبلی میں اس کا جواب آئے گا۔ آپ اتنی فکر کیوں کرتے ہیں؟

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! میں اور بات کر رہا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جی، بولیں۔

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! میں ایک ڈیڑھ منٹ ٹائم لوں گا اس لئے آپ مہربانی فرما دیں کیونکہ صرف آپ کی توجہ کی ضرورت ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، پوری توجہ ہے۔

**جناب محمد ارشد ملک:** جناب چیئرمین! طلبہ نے FSc کے بعد MDCAT کے ٹیسٹ دیئے ہیں اور دو لاکھ سے زیادہ بچے اور بچیوں نے 6 ہزار کے حساب سے فیس دی جس کی مد میں کروڑوں روپے طلبہ سے ہتھیا لئے گئے ہیں۔ یہ TIPS نامی کمپنی جو SECP سے بعد میں رجسٹرڈ ہوتی ہے لیکن پاکستان میڈیکل کمیشن نے اسے ٹھیکہ پہلے دے دیا ہے۔ انہوں نے بچوں کے ساتھ ظلم یہ کیا کہ تین گھنٹے کا online paper تھا لیکن Wi-Fi system اور link خراب ہو گیا اور طلبہ کو answer key بھی provide نہیں کی گئی۔ آپ جا کر خود دیکھیں کہ تمام طلباء و طالبات سراپا احتجاج ہیں کیونکہ اس میں کروڑوں روپے لوگوں سے ہتھیائے گئے ہیں۔ پہلے سالوں میں answer key بھی provide کی جاتی تھی اور ایک دن میں انٹری ٹیسٹ ہو جاتا تھا لیکن اب یہ پورا مہینہ ٹیسٹ لے رہے ہیں۔ اِن کا یہ بدترین نظام ہے جس طرح RTS نے الیکشن کا سارا سسٹم بٹھا دیا تھا۔ پورے پاکستان کے بچے اور بچیاں جو ہمارے پاکستان کا مستقبل ہیں وہ سب پریشان ہیں لہٰذا میری استدعا ہے کہ اس issue کو serious لیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، آپ کا ماشاءاللہ بڑا اچھا point تھا اور کل اِنشاءاللہ منسٹر صاحبہ اس پر تفصیل سے جواب دیں گی۔

The House is adjourned to meet on Friday 1st October 2021 at 9 a.m.